★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعۃ المبارک 2 مئی 2025ء 4 ذیقعد 1446ھ 18 بیساکھ 2082ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 177

بھارت کی کسی بھی عسکری مہم جوئی کا فوری جواب دیا جائیگا، آرمی چیف جواد

آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے ٹلہ فیلڈ فائرنگ رینج کا دورہ کیا جہاں "ایکسر سائز ہیمر اسٹرائیک" میں جنگی تیاریوں، جدید ٹیکنالوجی کا عملی مظاہرہ کیا گیا۔ آرمی چیف آف جنرل عاصم منیر نے ٹلہ فیلڈ فائرنگ رینجز کا بھی دورہ کیا

اعلیٰ عسکری قیادت، فارمیشن کمانڈرز اور مختلف سروسز سے تعلق رکھنے والے معززین نے مشق کا مشاہدہ کیا، پاکستان علاقائی امن کا خواہاں ہے مگر قومی مفادات کے تحفظ کے لیے ہماری تیاری اور عزم غیر متزلزل ہے، جنرل عاصم منیر

اسلام آباد (ویب ڈیسک) چیف آف آرمی اسٹاف جنرل عاصم منیر نے کہا ہے کہ بھارت کی کسی بھی قسم کی عسکری مہم جوئی کا فوری، دوٹوک اور بلند سطح پر جواب دیا جائے گا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) سے جاری بیان کے مطابق آرمی چیف جنرل عاصم منیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

بھیا اگر آگے بڑھا تو نقصان اٹھانا پڑے گا، رانا ثناء

پوری دنیا کو اتحاد کا پیغام جا چکا ہے، سب سیاسی جماعتیں متحد ہیں، ہر جماعت اپنی ریاست کے ساتھ کھڑی ہے، انٹرویو

آل پارٹیز کانفرنس یا پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس کی ضرورت ہوئی تو ضرور ہوگا، ہماری کوشش ہوگی کہ پی ٹی آئی بھی شرکت کرے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ بھارت نے اگر آگے بڑھنے کی کوشش کی تو انہیں نقصان اٹھانا پڑے گا۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناءاللہ نے کہا کہ پوری دنیا کو اتحاد کا پیغام جا چکا ہے۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

بھارت کی کسی بھی عسکری مہم جوئی کا فوری جواب دیا جائیگا، آرمی چیف

آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے ٹلہ فیلڈ فائرنگ رینج کا دورہ کیا جہاں "ایکسر سائز ہیمر اسٹرائیک" میں جنگی تیاریوں، جدید ٹیکنالوجی کا عملی مظاہرہ کیا گیا۔ آرمی چیف آف جنرل عاصم منیر نے ٹلہ فیلڈ فائرنگ رینجز کا بھی دورہ کیا

اعلیٰ عسکری قیادت، فارمیشن کمانڈرز اور مختلف سروسز سے تعلق رکھنے والے معززین نے مشق کا مشاہدہ کیا، پاکستان علاقائی امن کا خواہاں ہے مگر قومی مفادات کے تحفظ کے لیے ہماری تیاری اور عزم غیر متزلزل ہے، جنرل عاصم منیر

اسلام آباد (ویب ڈیسک) چیف آف آرمی اسٹاف جنرل عاصم منیر نے کہا ہے کہ بھارت کی کسی بھی قسم کی عسکری مہم جوئی کا فوری، دوٹوک اور بلند سطح پر جواب دیا جائے گا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) سے جاری بیان کے مطابق آرمی چیف جنرل عاصم منیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

بھیا اگر آگے بڑھا تو نقصان اٹھانا پڑے گا، رانا ثناء

پوری دنیا کو اتحاد کا پیغام جا چکا ہے، سب سیاسی جماعتیں متحد ہیں، ہر جماعت اپنی ریاست کے ساتھ کھڑی ہے، انٹرویو

آل پارٹیز کانفرنس یا پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس کی ضرورت ہوئی تو ضرور ہوگا، ہماری کوشش ہوگی کہ پی ٹی آئی بھی شرکت کرے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ بھارت نے اگر آگے بڑھنے کی کوشش کی تو انہیں نقصان اٹھانا پڑے گا۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناءاللہ نے کہا کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

بھارت یکطرفہ طور پر سندھ طاس معاہدہ ختم نہیں کر سکتا ہے، احسن اقبال

عالمی عدالت انصاف سے رجوع کرے گا، ورلڈ بینک معاہدے کا ضامن ہے اور اس پر عمل درآمد کرانا اس کی ذمہ داری ہے، دبئی میں خطاب

پاکستان اپنے سفارتی دوستوں کے ساتھ مل کر بھارت پر دباؤ ڈالے گا کہ وہ معاہدے کی پاسداری کرے، پاکستان ہر ممکنہ صورتحال سے نمٹنے کے لیے تیار ہے

دبئی (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ بھارت یکطرفہ طور پر سندھ طاس معاہدہ ختم نہیں کر سکتا۔ احسن اقبال نے دبئی میں پاکستان ڈے کی مناسبت سے پاکستانی قونصلیٹ کے زیر اہتمام سفارتی تقریب سے خطاب کیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے عالمی عدالت انصاف سے رجوع کرے گا، ورلڈ بینک معاہدے کا ضامن ہے اور اس پر عمل درآمد کرانا اس کی ذمہ داری ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان اپنے سفارتی دوستوں کے ساتھ مل کر بھارت پر دباؤ ڈالے گا کہ وہ معاہدے کی پاسداری کرے۔ انہوں نے لائن آف کنٹرول پر بھارت کی حالیہ سرگرمیوں کو اشتعال انگیز قرار دیتے ہوئے دوٹوک انداز میں کہا کہ پاکستان ہر ممکنہ صورتحال سے نمٹنے کے لیے تیار ہے۔ ''اگر بھارت نے جارحیت کی تو نقصان بھارت کا ہی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

مزدور، کرن کا کنول اور محنت کش کی عظمت کو سلام کرتے ہیں، نواز مریم

عالمی یوم مزدور، مریم نواز شریف کا محنت کشوں کو خراج تحسین، پہلی مرتبہ صوبہ بھر میں کم از کم اجرت کی ادائیگی یقینی بنائی جا رہی ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب

لیبر ڈے کے حوالے سے محنت کشوں کے لئے تقریباً 84 ارب روپے کا مجموعی پیکیج دیا ہے، راشن کارڈ کے ذریعے کان کن اور ورکرز تین ہزار روپے ماہانہ سبسڈی حاصل کر سکیں گے

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے عالمی یوم مزدور پر محنت کشوں کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ محنت کشوں کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے ورکروں، کان کنوں اور کارکنوں کی صنعتی خدمات کو زبردست خراج تحسین کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہر مزدور، ورکر، کان کنوں اور محنت کش کی عظمت کو سلام کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محنت کش اللہ کا دوست ہے اور ہم اللہ تعالیٰ کے دوست کی قدر اور احترام کرتے ہیں، لیبر ڈے کے حوالے سے محنت کشوں کے لئے تقریباً 84 ارب روپے کا مجموعی پیکیج دیا ہے، راشن کارڈ کے ذریعے کان کن اور ورکرز تین ہزار روپے ماہانہ سبسڈی حاصل کر سکیں گے، جے ایس بینک کارڈ کے ذریعے ورکر ڈیجیٹل کیش ٹرانسفر، ایڈوانس سیلری اور لیبر ڈے انعامات سمیت 13 دیگر فوائد حاصل کر سکیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ قصور اور سرگودھا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

قومی ترقی محنت کشوں کی مرہون منت ہے، شہباز شریف

پہلی بار مزدور قومی پیشہ ورانہ حفاظت اور صحت کی پروفائل سے مستفید ہو رہا ہے، وزیراعظم، ہماری زندگی آسان بنانے والے ہاتھوں کو سلام ہے، ہر مزدور قابلِ فخر ہے، گورنر سندھ، یوم مئی پر پیغام

مزدوروں کے تحفظ کو مضبوط بنانے کے لیے اہم قانون سازی اور انتظامی اصلاحات کی ہیں، پہلی بار مزدور قومی پیشہ ورانہ حفاظت اور صحت کی پروفائل سے مستفید ہو رہا ہے، صدر مملکت، وزیراعظم کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ترقی کے اہم کردار محنت کش مرد و خواتین کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، پہلی بار مزدور قومی پیشہ ورانہ حفاظت اور صحت کی پروفائل سے مستفید ہو رہا ہے۔ جمعرات کو صدر مملکت نے عالمی یوم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)



راولپنڈی: چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر ایکسر سائز ہیمر اسٹرائیک کے دوران جوانوں سے خطاب کر رہے ہیں



اسلام آباد: صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیراعظم شہباز شریف ملاقات کر رہے ہیں



کراچی: وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے ورلڈ فوڈ پروگرام کی کنٹری ڈائریکٹر ملاقات کر رہی ہیں

بھارت کی جانب سے حملوں کی منصوبہ بندی جاری ہے، ٹائمز ناؤ نے مودی کے منصوبوں کا پردہ چاک کر دیا

نئی دہلی (این این آئی) مودی کا جنگی جنون کم نہ ہوا، بھارتی جریدے نے پاکستان کے خلاف ناپاک سازشوں سے متعلق خوفناک انکشافات کر دیے۔ بھارت کی پہلگام حملے کو جواز بنا کر خطے میں جنگی ماحول پیدا کرنے کی سازش کی جا رہی اور اسے سلسلے میں مودی نے افواج کو کسی بھی وقت، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

بھارتی حکومت اپنے شہریوں کے خون پر سیاست کر رہی ہے، مریم اورنگزیب

ہم پہلگام واقعہ کے متاثرہ خاندانوں کے ساتھ ہیں، انہیں انصاف دلانے کی بات کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) پنجاب کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ بھارتی حکومت اپنے ہی شہریوں کے خون پر سیاست کر رہی ہے، ہم پہلگام واقعہ کے متاثرہ خاندانوں کے ساتھ ہیں، انہیں انصاف دلانے کی بات کر رہے ہیں۔ اپنے ایک بیان میں ان کا کہنا تھا کہ بھارت نے پاکستان کی سرحد پار کی تو یہ اس کی تاریخی بھول ہوگی۔ پورا پاکستان اپنی بہادر افواج کے ساتھ چٹان کی طرح کھڑا ہے، بھارت کسی غلط فہمی میں نہ رہے، جس طرح کی جارحیت ہوگی، اسی طرح کا منہ توڑ جواب ملے گا۔ دوست ممالک سمیت پوری دنیا جان چکی ہے کہ امن کا دشمن اور دہشت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

پہلگام فالس فلیگ، بھارتی سیکیورٹی اداروں کو سخت سوالات کا سامنا

نئی دہلی (این این آئی) پہلگام فالس فلیگ آپریشن کے بعد بھارتی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

شہری زندگی کے اہم واقعات کا اندراج

گھر بیٹھے کرا سکیں گے، چیئرمین نادرا

اسلام آباد (این این آئی) پیدائش، وفات اور ازدواجی حیثیت میں تبدیلی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

بھارتی حملے کا خطرہ، ہماری مسلح افواج مکمل طور پر تیار ہیں، عطا تارڑ

پاکستان کی جانب سے تحقیقات کی پیشکش کو تمام ممالک سراہ رہے ہیں، جس کے بعد بھارت شرمندگی اور خفت مٹانے کی کوشش کر رہا ہے

منگل کی رات جس خطرے کا اظہار کیا تھا وہ اب بھی برقرار ہے، بھارت نے پاکستان کے علاوہ امریکا اور کینیڈا میں بھی دہشتگردی کو اسپانسر کیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ منگل کی رات جس خطرے کا اظہار کیا تھا وہ اب بھی برقرار ہے مگر ہماری مسلح افواج مکمل طور پر تیار ہیں۔ نجی ٹی وی پروگرام سے بات کرتے ہوئے عطا تارڑ نے کہا کہ بھارت نے پاکستان کے علاوہ امریکا اور کینیڈا میں بھی دہشتگردی کو اسپانسر کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی جانب سے تحقیقات کی پیشکش کو تمام ممالک سراہ رہے ہیں، جس کے بعد بھارت شرمندگی اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

بھارت میں دورانِ علاج فوت ہونیوالے آریان شاہ کی میت کوئٹہ پہنچا دی گئی

کوئٹہ (این این آئی) بھارت میں دوران علاج فوت ہونے والے کوئٹہ کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

پاک، بھارت کشیدگی کم کرانے کے لیے عالمی برادری سرگرم

سعودی وزارت خارجہ کا کشیدگی سے گریز کا مشورہ، کویت کی تحمل کی تلقین، ایران کی ثالثی کی پیشکش

ریاض، کویت سٹی (این این آئی) پاک، بھارت کے درمیان کشیدگی کم کرانے کے لیے عالمی برادری سرگرم ہوگئی۔ سعودی وزارت خارجہ نے کشیدگی سے گریز کرنے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

قومی ایئر لائن کی گلگت کی 4 پروازیں منسوخ، سکردو کی تاخیر کا شکار

گلگت (این این آئی) قومی ایئر لائن کی گلگت کی 4 پروازیں سکیورٹی وجوہات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

ملک بھر میں موسم خوشگوار ہونے کی نوید، بارشیں ہونے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) محکمہ موسمیات نے ملک بھر کا موسم خوشگوار ہونے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)



لاہور: صوبائی وزیر ملک فیصل ایوب کھوکھر کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں

امریکا نے بھارت کیساتھ 13 کروڑ ڈالر کا دفاعی معاہدہ منظور کر لیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے بھارت کے ساتھ 13 کروڑ ڈالر کا دفاعی معاہدہ منظور کر لیا، معاہدے میں سمندری ویژن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

پہلگام فالس فلیگ آپریشن: ہم تیار ہیں، آزمانا نہیں سوشل میڈیا پر ٹاپ ٹرینڈ بن گیا

ڈی جی آئی ایس پی آر کی زوردار پریس کانفرنس نے بھارت کو اسی کی زبان میں جواب دیدیا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پہلگام فالس فلیگ / سوشل میڈیا پر ہم تیار ہیں، آزمانا نہیں ٹاپ ٹرینڈ بن گیا جب کہ بھارت کے پہلگام فالس فلیگ آپریشن اور دھمکیوں کے جواب میں مسلح افواج اور عوام متحد ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کی زوردار پریس کانفرنس نے بھارت کو اسی کی زبان میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

کراچی: وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے ورلڈ فوڈ پروگرام کی کنٹری ڈائریکٹر ملاقات کر رہی ہیں

قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی کا اجلاس، بینکوں پر عائد ٹیکس کو بل کا حصہ بنانے کی منظوری

آئی ایم ایف پروگرام کے خاتمے کیلئے اسٹرکچرل اصلاحات پر عمل درآمد ناگزیر ہے، وفاقی وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ نے بینکوں پر عائد ٹیکس کو بل کا حصہ بنانے کی منظوری دے دی گئی، جس کے بعد 99 ڈی کے تحت ٹیکس عائد کر دیا گیا۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کا اجلاس رکن قومی اسمبلی نوید قمر کی زیر صدارت منعقد ہوا، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

بھارت انتہائی اشتعال انگیزی پر اترا ہوا ہے، او آئی سی گروپ کو بریفنگ

سفارت کاری کے ذریعے کشیدگی ختم کی جائے، او آئی سی اراکین کا پاکستان سے مکمل حمایت اور یکجہتی کا اظہار

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ بھارت سیاسی بنیادوں پر اور غیر ذمہ دارانہ انداز سے انتہائی اشتعال انگیزی پر اترا ہوا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

بھارت نے پاکستان کے لئے اپنی فضائی حدود بند کر دیں

23 مئی تک بھارتی فضائی حدود تمام پاکستانی طیاروں کیلئے بند رہیں گی، نوٹم جاری

اسلام آباد (این این آئی) بھارت نے پاکستان کے لئے اپنی فضائی حدود بند کر دیں۔ بھارتی حکومت نے پاکستان کیلئے فضائی بندش کا نوٹم جاری کر دیا ہے جس کے مطابق 23 مئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)



جنیوا: وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک اعلیٰ سطحی میٹنگ میں شریک ہیں

محنت کشوں کے حقوق کے تحفظ کیلئے پُرعزم ہیں، چیئرمین این آئی آر سی

قانون پڑھا پتہ چلا ہمارا کام مزدور اور مالک کو اکٹھا کرنا ہے، شوکت عزیز صدیقی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین این آئی آر سی شوکت عزیز صدیقی نے کہا ہے کہ محنت کشوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے پُرعزم ہیں۔ مزدوروں کے عالمی دن کے موقع پر بین الاقوامی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

ایران میں میڈیا کے خلاف کریک ڈاؤن کیا جا رہا ہے، ایمنسٹی انٹرنیشنل

ایرانی میڈیا ہاؤسز اور سوشل میڈیا کو شاہد رجائی بندرگاہ بارے نہ بولنے کی ہدایت کی گئی ہے، بیان

لندن (این این آئی) ایمنسٹی انٹرنیشنل نے ایرانی حکام پر الزام لگایا ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)



راولپنڈی: فوج کی ایکسر سائز ہیمر سٹرائیک کے دوران آگ اور دھوئیں کے بادل نظر آ رہے ہیں

ٹرمپ نے 100 دنوں کی کارکردگی کو حقائق کے برعکس بے مثال قرار دے دیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر نے 100 دنوں کی کارکردگی کو حقائق کے برعکس بے مثال قرار دے دیا۔ امریکی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

عازمین براہ راست دھوپ کی تمازت سے بچیں، سعودی وزارت حج

اپنے سفر حج کو آسان بنانے کیلئے صحت اصولوں کو کسی طرح بھی نظر انداز نہ کیا جائے، بیان

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کی وزارت حج نے عازمین حج کو ہدایت کی ہے کہ وہ دن خاص کر دوپہر کے وقت براہ راست دھوپ کی تمازت سے بچیں تاکہ کسی قسم کی مشکل میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

تیل کی قیمتوں میں حالیہ کمی اونٹ کے منہ میں زیرے کے برابر بھی نہیں، بیرسٹر سیف

عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتوں میں مسلسل کمی ہو رہی ہے، مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر محمد علی سیف نے کہا ہے کہ تیل کی قیمتوں میں حالیہ کمی اونٹ کے منہ میں زیرے کے برابر بھی نہیں۔ ایک بیان میں بیرسٹر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

میں سمجھتا ہوں کہ ہم ججز اضافی نہیں کرتے، جسٹس جمال مندوخیل

آئین کے مطابق تمام انسانوں کے حقوق برابر ہیں، آئین کے مطابق کسی سے آپ زبردستی کام نہیں لے سکتے، خطاب

ججز بولتے نہیں لکھتے ہیں، سوچا تھا لکھی ہوئی تقریر پڑھ لوں گا مگر اب دل کی اور آئین کی بات کروں گا: جج سپریم کورٹ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے جج جسٹس جمال مندوخیل نے کہا ہے کہ میں سمجھتا ہوں کہ ہم ججز انصاف نہیں کرتے، آپ حیران ہوں گے کہ میں کیا کہہ رہا ہوں؟ انصاف تو اللہ کا کام ہے، ہم تو بس فیصلہ کرتے ہیں، ہم اپنے سامنے موجود دستاویز کو دیکھ کر فیصلہ کر رہے ہوتے ہیں۔ اسلام آباد میں کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آپ نے سنا ہوگا کہ ججز بولتے نہیں لکھتے ہیں، سوچا تھا لکھی ہوئی تقریر پڑھ لوں گا مگر اب دل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

مسام پراجیکٹ کے تحت یمن میں ایک ہفتے میں 1,488 بارودی سرنگوں کا صفایا

صنعا (این این آئی) اپریل 2025 کے چوتھے ہفتے کے دوران یمن میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

اردن، اسلحہ رکھنے کے کیسز میں ملوث 16 میں سے 4 ملزمان کو 20 سال قید

عمان (این این آئی) منعقدہ ایک عوامی اجلاس میں اردن کی ریاستی سلامتی کی عدالت نے 16 میں سے چار ملزمان کو 20 سال قید (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

اسرائیلی فوج نے مقبوضہ مغربی کنارے سے سینیئر صحافی کو گرفتار کر لیا

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج نے مقبوضہ مغربی کنارے میں فلسطینیوں کے خلاف اپنی جنگی جارحیت جاری رکھتے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

کویت میں فوجداری قانون کی شق 182 منسوخ، اغوا شدہ لڑکی سے شادی کے باوجود اغوا کار کو سزا لازم ہوگی

کویت سٹی (این این آئی) کویت کی کابینہ نے ایک اہم قانونی اور اصلاحی اقدام کے تحت فوجداری قانون کی شق 182 کو منسوخ کر دیا ہے۔ شق 182 میں درج تھا کہ اگر اغوا کار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

مولانا فضل الرحمٰن کا گرینڈ الائنس میں آنا انتہائی ضروری ہے، اعظم سواتی

بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقاتیں نہیں کرائی جا رہیں، کیسز میں مصروف ہوں، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اعظم سواتی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے قائدین نے مولانا فضل الرحمٰن سے ملاقات کی ہے، ان کا گرینڈ الائنس میں آنا انتہائی ضروری ہے۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گرینڈ الائنس عوامی اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

کراچی: پی ٹی آئی سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ سے پی ٹی آئی سے وابستہ وکلاء ملاقات کر رہے ہیں

ہمیں امید ہے چین کے ساتھ کوئی معاہدہ ہو جائے گا، ٹرمپ

ہم چاہتے چین بھی ہمارے ساتھ منصفانہ سلوک کرے، امریکی صدر

واشنگٹن (این این آئی) سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران امریکی معیشت سکڑ کر 0.3 فیصد کی سالانہ شرح پر آ گئی ہے۔ اسی تناظر میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے تصدیق کی ہے کہ ان کی انتظامیہ ٹیرف کے حوالے سے چین کے ساتھ ایک معاہدے تک پہنچنے کی امید رکھتی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)



کراچی: پیپلز پارٹی شہید بھٹو گروپ کے رہنما ذوالفقار بھٹو جونیئر سندھ ہاری تحریک کے کنوینر سید زین شاہ سے ملاقات کر رہے ہیں

بھارت پاکستان کے ساتھ مل کر کشیدگی کم کرے، امریکا

امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے بھارتی وزیر خارجہ جے شنکر سے ٹیلی فون پر بات چیت کی اور جنوبی ایشیا میں امن برقرار رکھنے کا کہا

مارکو روبیو نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بھارت کے ساتھ بھی تعاون کے لیے امریکی عزم کا اعادہ کیا: میڈیا رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے اپنے بھارتی ہم منصب جے شنکر پر زور دیا ہے کہ وہ پاکستان کے ساتھ مل کر کشیدگی کم کرے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے بھارتی وزیر خارجہ جے شنکر سے ٹیلی فون پر بات چیت کی اور جنوبی ایشیا میں امن اور سکیورٹی برقرار رکھنے کا کہا۔ دونوں رہنماؤں کی بات چیت پر ترجمان امریکی محکمہ خارجہ ٹیمی بروس نے بیان میں کہا کہ مارکو روبیو نے دہشت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)



نیلم ویلی: وفاقی وزیر امور کشمیر انجینئر امیر مقام لائن آف کنٹرول پر مواصلاتی لوگوں سے اظہار یکجہتی کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

لٹن روڈ، داتا دربار اور کاہنہ سے 3 افراد کی لاشیں برآمد

لاہور (کرائم رپورٹر) لٹن روڈ، داتا دربار اور کاہنہ 3 افراد جاں بحق ہو گئے پولیس نے لاشیں مردہ خانے منتقل کر کے قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا ایدھی فاؤنڈیشن ترجمان کے مطابق لٹن روڈ کے علاقے سیالی صاحب قبرستان سے 32 سالہ شخص کی تشدد زدہ لاش ملی جس کی شناخت نہ ہو سکی، دوسرے واقعہ میں داتا دربار پر ہوش حالت میں ملنے والا 50 سالہ شخص دوران علاج ہسپتال میں دم توڑ گیا متوفی کی شناخت 50 سالہ عبدالغفور کے نام سے ہوئی جو گجر انوالا کا رہائشی تھا، جبکہ کاہنہ کے علاقے گوجرہ چوک 35 سالہ شخص کی لاش برآمد جو بظاہر نشے کا عادی معلوم ہوتا ہے متوفی کی شناخت نہ ہو سکی اطلاع ملنے پر متعلقہ تھانوں کی پولیس نے لاشیں مردہ خانے منتقل کر کے قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا

راوی روڈ میں سلنڈر پھٹنے کا معاملہ، ہلاکتوں کی تعداد 7 ہو گئی

لاہور (کرائم رپورٹر) راوی روڈ میں سلنڈر پھٹنے کا معاملہ، ہلاکتوں کی تعداد 7 ہو گئی واقعے میں تھپلے والا رکشہ ڈرائیور عدنان نامی نوجوان بھی جھلس کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا جس کی نماز جنازہ شاہدرہ میں ادا کر دی گئی تفصیلات کے مطابق راوی روڈ کے علاقے میں کیس فلکنگ کے دوران دھماکے سے زخمی ہونے والا ایک اور زخمی عدنان بھی ہسپتال میں دم توڑ گیا جس کے بعد جاں بحق ہونے والے افراد کی تعداد 7 ہو گئی جن میں سے 6 افراد کی نماز جنازہ ہو گئی ✻ شمالی عدنان کی شناخت ہو گئی ✻ 6 افراد کی نماز جنازہ ہو گئی ✻ شمالی عدنان کی شناخت ہو گئی ✻ 6 افراد کی نماز جنازہ ہو گئی ✻ شمالی عدنان رکشہ ڈرائیور تھا، امداد کے بعد ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا جس کی نماز جنازہ شاہدرہ میں ادا کی گئی پولیس کا کہنا ہے کہ عدنان رکشہ ڈرائیور تھا،

چوری کی متعدد وارداتیں، شہری لٹنے پر مجبور، انتظامیہ غائب

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں چوری و ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں شہریوں سے لاکھوں روپے زیورات، موبائل فونز، موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا، تفصیلات کے مطابق ٹیکنری ایریا میں واقع میں سے 1 لاکھ 20 ہزار روپے اور موبائل فون ✻ مغل پورہ میں بشمید سے 1 لاکھ 15 ہزار روپے اور موبائل فون، سندر میں عبدالرحمان سے 1 لاکھ 10 ہزار روپے اور موبائل فون ✻ باغبان ٹاؤن میں وسیم سے 1 لاکھ روپے اور موبائل فون ✻ مجرم والی میں داؤد سے 1 لاکھ روپے موبائل فون اور دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔ متوسّلہ اور تھانہ آباد کی واریاں جنگ سادہ

ڈیفنس سکواڈ کا دن ویلرز کیخلاف کریک ڈاؤن، 16 گرفتار

لاہور (رمیش علی سے) شاہراہ عام پر دن ویلنگ کرنے والے 16 ملزمان گرفتار، ملزمان اپنی شہریوں کی زندگیوں کو خطرے میں ڈال کر خطرناک سٹنٹ کر رہے تھے، ڈیفنس نے فیروز پور روڈ مسلم ٹاؤن، سبزہ زار و دیگر علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے مسلم ٹاؤن، سبزہ زار، شالیمار و دیگر کے حوالے کر دیا گیا۔ دن ویلنگ جان لیوا کھیل ہے، کارروائیاں جاری رہیں گی، دن ویلنگ کوئی کھیل نہیں، خوشگی کے مترادف ہے، نوجوان تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لیں۔

قلعہ گجرسنگھ پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ایک طالبہ کو شادی کا جھانسہ دے کر زیادتی کا نشانہ بنانے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔

لاہور (کرائم رپورٹر) قلعہ گجرسنگھ پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ایک طالبہ کو شادی کا جھانسہ دے کر زیادتی کا نشانہ بنانے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان پولیس کے مطابق قلعہ گجرسنگھ پولیس نے طالب کی شکایت پر کارروائی کرتے ہوئے اسے زیادتی کا نشانہ بنانے والے ملزم بابر کو گرفتار کر کے مزید تفتیش کے لیے ہیڈ آفس ریسل کے حوالے کر دیا پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم بابر کی متاثرہ لڑکی سے سوشل میڈیا پر بات چیت کا آغاز ہوا جس کے بعد اس نے لڑکی کو شادی کے جھانسے میں دو سال تک زیادتی کا نشانہ بنائے رکھا، اس دوران ملزم لڑکی کو جان سے مارنے کی دھمکیاں دیتا رہا اور اس دوران تشدد بھی کرتا رہا۔

پنجاب کی جیلوں میں 8 جیل افسران کے تقرر وتبادلے کے احکامات جاری کر دیے

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب کی جیلوں میں 8 جیل افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری کر دیے تفصیلات کے مطابق سیکرٹری داخلہ کے شیڈول تھرڈ کے تحت ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ جیل خانہ جات آفس لاہور، اسد کامران واجد ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ایگزیکٹو ڈسٹرکٹ جیل خانہ جات قصور کو ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ایگزیکٹو سب جیل چکوال طاہر صدیق کو سب جیل چکوال ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ جوڈیشل عارف حبیب کو ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ڈویلپمنٹ سنٹرل جیل ساہوکا، اسٹیبلشمنٹ آئی جی جیل خانہ جات آفس، عرفان سلیمان کو سپرنٹنڈنٹ ٹوبہ ٹیک سنگھ، اسامہ سلامت کو سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل خانہ جات، سپرنٹنڈنٹ سنٹرل جیل ساہوکا، سپرنٹنڈنٹ جیل خانہ جات قصور کو سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل خانہ جات،

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 2 مئی 2025ء

زبیر نبی ایڈووکیٹ کی نئی کتاب ''یادوں کی آغوش'' کی تقریب رونمائی

''یادوں کی آغوش'' میں بہت ساری ایسی شخصیات کا ذکر ہے جن کے بارے میں جاننے کی ہر خاص و عام خواہش رکھتا ہے

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) زبیر نبی نے اپنے خاکوں کے ذریعے فیصل آباد شہر کی ایک دستاویز تیار کر دی ہے جس میں مختلف واقعات کے بیان اور منظر نگاری سے فیصل آباد شہر کی ایک تاریخ مرتب کر دی گئی ہے جو بلاشبہ اپنے پڑھنے والوں کو فیصل آباد شہر کی تاریخی حیثیت اور شخصیت نگاری کے متاثر کن اسلوب کے حصار میں لے لیتی ہے۔ان خیالات کا اظہار نامور شاعر اور ادیب ماہر تعلیم پروفیسر ڈاکٹر ریاض مجید نے فیصل آباد پریس کلب کی ارٹ اینڈ کلچر کمیٹی کے زیر اہتمام نامور سفر نامہ نگار اور خاکہ نگار زبیر نبی ایڈووکیٹ کی کتابوں ''سفر شناس'' اور ''یادوں کی آغوش'' کی تقریب رونمائی میں صدارتی کلمات ادا کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ ''یادوں کی آغوش'' میں بہت ساری ایسی شخصیات کا ذکر ہے جن کے بارے میں بھی ضرور لکھوں جن کا میری زندگی میں اہم کردار رہا ہے۔اللہ تعالیٰ نے مجھ پر کرم کیا اور مجھے یہ توفیق عطا کی کہ میں ان احباب کے بارے میں اور ان مشاہیر کے بارے میں کچھ کہہ سکوں جو میری زندگی میں ایک سرمائے کی حیثیت رکھتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس کتاب میں صرف ایسی شخصیات کا ذکر ہے جن سے میرا براہ راست تعلق رہا کسی بھی شخصیت کے بارے میں میں نے سنی سنائی باتوں یا مطالعے کی بنیاد پر نہیں لکھا۔تقریب سے ڈائریکٹر پنجاب گروپ آف



کالمز رفعت اقبال، ایم این اے چنگیز خان کاکڑ ایڈووکیٹ، معروف ٹی وی اینکر گل نوخیز اختر، بیورو چیف سٹی 41 ٹی وی ظفر ڈوگر، سینیئر صحافی حمید شاکر، میاں بشیر احمد اعجاز، عدنان بیگ، انجینیئر عبدالستار نعیم، مفتی محمد ضیا مدنی، کوثر علی، ڈاکٹر قمر بخاری، چودری خالد سعید گل، پروفیسر خواجہ حامد، طارق فیضی، محترمہ نیئر سلطانہ ایڈووکیٹ محترمہ پروفیسر شہزادی بلال ایڈووکیٹ اور محترمہ شمیم خٹک ایڈووکیٹ سمیت دیگر مقررین نے بھی اظہار خیال کیا۔

جہلم موسم تبدیل ہوتے ہی جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں بیماریاں پھیلنے لگیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم موسم تبدیل ہوتے ہی جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں بیماریاں پھیلنے لگیں سرکاری وجی ہسپتالوں میں رش الرجی، ناک، کان، گلہ اور پیٹ کے امراض میں مبتلا، مریضوں کا رش تفصیلات کے مطابق، موسم گرما کا آغاز ہوتے ہی شہر اور گردونواح میں الرجی، ناک، کان، گلہ اور پیٹ کے امراض میں اضافہ ہوگیا ہے متاثرہ مریضوں کی بڑی تعداد سرکاری اور نجی اعلاج کروانے پر مجبور ہیں پرائیویٹ ہسپتالوں اور کلینکس میں بھی مریضوں کا رش لگ گیا۔ پرائیویٹ ڈاکٹروں نے فیسوں میں اضافہ کر دیا موسم کی اچانک شدت کے بعد الرجی، آنکھوں کے امراض بڑھ گئے سول ہسپتال میں گیسٹر بخار کے مریضوں میں بھی اضافہ ہوا ہے

انسان ظاہری بیماری کی طرح روحانی امراض میں بھی مبتلا ہوتے ہیں

آپ ﷺ قرآن کی تلاوت کرتے ہیں اور لوگوں کے دلوں کو روحانی بیماریوں سے پاک کرتے ہیں: مفتی امجد نوری

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پریس کلب شیخوپورہ کی ہفتہ وار درس قرآن کی نشست سے مفتی امجد نوری نے پر مغز و فکر انگیز خطاب کیا جس میں انہوں نے اصلاحِ نفس کے عوامل پر روشنی ڈالی، مفتی امجد نوری نے کہا کہ جس طرح انسان کا ظاہری جسم بیماریوں میں مبتلا ہو جاتا ہے، اسی طرح اس کی روح بھی امراض کا شکار ہو سکتی ہے جسمانی بیماریوں کے علاج کے لیے ماہر طبیب کی ضرورت ہوتی ہے بالکل اسی طرح روحانی بیماریوں کے علاج کے لیے ایک روحانی طبیب کی رہنمائی درکار ہے جو دلوں کو پاکیزگی عطا کرے اور نفس کو درست راستے پر لے آئے، مفتی امجد نوری نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کا مقصد بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ آپ ﷺ قرآن کی تلاوت کرتے ہیں اور لوگوں کے دلوں کو روحانی بیماریوں سے پاک کرتے ہیں، درس کا اختتام دعا پر ہوا جس میں ملکی سلامتی و ترقی اور بالخصوص فلسطین کے مظلوم مسلمانوں کی استقامت و حوصلے اور اللہ تعالیٰ کی نصرت و مدد کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

مضر صحت خوراک کا کاروبار کرنے والوں کی شامت

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) مضر صحت خوراک کا کاروبار کرنے والوں کی شامت، صفائی ستھرائی کے ناقص انتظامات اور میڈیکل سرٹیفکیٹ کی عدم موجودگی پر پنجاب فوڈ اتھارٹی مختلف فوڈ پوائنٹس اور ہوٹلز کو بھاری جرمانے عائد کر دیئے۔ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز ڈاکٹر محمد قاسم رضا کی زیر نگرانی ٹیموں کا روزانہ کی بنیاد پر ایکشن جاری ہے۔شہر بھر میں 75 فوڈ یونٹس کی چیکنگ کی گئی اور اصلاحاتی نوٹسز جاری کرنے کے ساتھ ساتھ قوانین پر عملدرآمد نہ کرنے والے دکانداروں کو 45000 روپے کے جرمانے کئے گئے۔انہوں نے بتایا کہ 2 کلو سے زائد ایکسپائر اشیاء خورونوش کو موقع پر ضائع کروایا گیا۔

نارنگ سے مرید کے جانے والی ٹویوٹا وینز نے خودساختہ کرائے بڑھا لیے

نارنگ سے مرید کے تقریباً 28 کلومیٹر کا سفر ہے ٹویوٹا وینز نے خودساختہ 30 فیصد کرائے بڑھا لیے ہیں

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارنگ سے مرید کے جانے والی ٹویوٹا وینز نے خودساختہ کرائے بڑھا لیے مسافر پریشان فوری نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیل کے مطابق نارنگ سے مرید کے تقریباً 28 کلومیٹر کا سفر ہے ٹویوٹا وینز نے خودساختہ 30 فیصد کرائے بڑھا لیے ہیں جس سے نارنگ سے مرید کے کا کرایہ 130 روپے کر دیا گیا ہے جو فی کلومیٹر کے حساب سے کافی زیادہ ہے مسافروں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا ہے کہ پٹرول کی قیمت میں استحکام اور کمی کے باوجود ڈرائیورز نے خود بخود ہی کرائے بڑھا لیے ہیں جو اس روڈ پر سفر کرنے والوں مسافروں کے ساتھ سخت زیادتی ہے ہم اسسٹنٹ کمشنر توصیف حسن اور محکمہ ٹرانسپورٹ سے مطالبہ کرتے ہیں کہ فوری نوٹس لیتے ہوئے کرایوں میں خودساختہ اضافہ فوری واپس لیا جائے۔

اسسٹنٹ کمشنر رب نواز کی زیر صدارت سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے کنٹریکٹرز کا اجلاس

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اسسٹنٹ کمشنر رب نواز کی زیر صدارت سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے کنٹریکٹرز کا اجلاس، کمپنی کے مینیجر نے صفائی ستھرائی کے کاموں اور عوامی شکایات کے ازالہ کے میکانزم بارے تفصیلی بریفنگ دی، اسسٹنٹ کمشنر نواز نے کہا کہ صفائی ستھرائی اور سولڈ ویسٹ مینجمنٹ کے سلسلے میں عوامی شکایات کا ازالہ بنیادی حیثیت کا حامل ہے، اس لیے عوام کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے بہترین میکنزم کے تحت امور سرانجام دینے کے لیے موثر حکمت عملی تیار کر کے اقدامات کیے جائیں تاکہ عوامی خدمت کی راہ ہموار کی جاسکے۔

نارنگ سے مرید کے جانے والی ٹویوٹا وینز نے خودساختہ کرائے بڑھا لیے

نارنگ سے مرید کے تقریباً 28 کلومیٹر کا سفر ہے ٹویوٹا وینز نے خودساختہ 30 فیصد کرائے بڑھا لیے ہیں

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارنگ سے مرید کے جانے والی ٹویوٹا وینز نے خودساختہ کرائے بڑھا لیے مسافر پریشان فوری نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیل کے مطابق نارنگ سے مرید کے تقریباً 28 کلومیٹر کا سفر ہے ٹویوٹا وینز نے خودساختہ 30 فیصد کرائے بڑھا لیے ہیں جس سے نارنگ سے مرید کے کا کرایہ 130 روپے کر دیا گیا ہے جو فی کلومیٹر کے حساب سے کافی زیادہ ہے مسافروں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا ہے کہ پٹرول کی قیمت میں استحکام اور کمی کے باوجود ڈرائیورز نے خود بخود ہی کرائے بڑھا لیے ہیں جو اس روڈ پر سفر کرنے والوں مسافروں کے ساتھ سخت زیادتی ہے ہم اسسٹنٹ کمشنر توصیف حسن اور محکمہ ٹرانسپورٹ سے مطالبہ کرتے ہیں کہ فوری نوٹس لیتے ہوئے کرایوں میں خودساختہ اضافہ فوری واپس لیا جائے۔

مختی اور ذہین بچے روشن ستارے، بن کر والدین کا اثاثہ اور فخر ہوتے ہیں

غریب اور دکھی انسانیت کی خدمت کے لیے ہر وقت حاضر ہیں: خالد بھٹی



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) مختی اور ذہین بچے روشن ستارے بن کر والدین کا اثاثہ اور فخر ہوتے ہیں تفصیلات کے مطابق معروف سماجی رہنما ریٹائرڈ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر خالد بھٹی نے اپنے بیٹے ڈاکٹر علی خالد کے ہمراہ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مختی اور ذہین بچے روشن ستارے بن کر والدین کا اثاثہ اور فخر بن جاتے ہیں جس کی مثال ننکانہ کا ہونہار طالب علم علی خالد بھٹی جس نے ہر جماعت میں نمایاں پوزیشن حاصل کر کے ایم بی بی ایس مکمل کر کے والدین کا سر فخر سے بلند کر دیا ڈاکٹر علی خالد بھٹی میرا حقیقی بیٹا ننکانہ صاحب میں غریب اور دکھی انسانیت کی خدمت کے لیے ہر وقت حاضر ہے اس کی کامیابی میں والدین کے ساتھ ساتھ ان کے اساتذہ کا کردار بھی قابل تعریف رہا ہے جن کی محنت کی وجہ سے آج یہ مقام حاصل ہوا ہمیں اپنے فرزند کی اس کامیابی پر فخر ہے اور ہم امید کرتے ہیں کہ وہ مخلوق خدا کی خدمت احسن طریقہ سے سرانجام دے کر اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرے گا۔

یوم مئی مزدوروں کی عظمت اور محنت کا دن ہے: حاجی مہر محمد رمضان نول

مزدور ہمارے معاشرے کا اہم اور موثر طبقہ ہیں ہم دنیا بھر کے تمام محنت کش افراد کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں



جھنگ (بیورو رپورٹ) ہر دلعزیز سیاسی و سماجی شخصیت حاجی مہر محمد رمضان نول نے کہا کہ یوم مئی مزدوروں کی عظمت اور محنت کا دن ہے مزدور ہمارے معاشرے کا اہم اور موثر طبقہ ہیں ہم دنیا بھر کے تمام محنت کش افراد کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں گزشتہ روز وارث روڈ پر وارث ہاؤس میں مزدوروں کے عالمی دن کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حاجی محمد رمضان نول نے کہا کہ محنت کر کے کمانے والے مزدور اللہ کے دوست ہوتے ہیں مزدوروں کے حقوق کا خیال رکھا جائے انہوں نے کہا کہ ہمیں اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ دیہاڑی دار مزدوروں کے گھر میں چولھے جلتے ہیں یا نہیں اسلام مزدوروں سے رواداری کا درس دیتا ہے اسلام نے رزق حلال کمانیوالے کو بہت شان دی ہے اور محنت کش کو اللہ کا دوست قرار دیا ہے ارشاد نبوی ہے کہ مزدور کی مزدوری اس کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے ادا کر دو مزدوروں کے حقوق ادا کر کے ہی معاشرہ ترقی کی راہوں پر گامزن ہو سکتا ہے

اقلیتوں کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے صنوبائی وزیر ریمیش سنگھ اروڑہ

صوبائی وزیر اقلیتی امور ریمش سنگھ اروڑہ کی گوجرانوالہ آمد خواتین کو تعلیم کے ذریعے بااختیار بنانے سے متعلق کانفرنس میں شرکت



گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور ریمش سنگھ اروڑہ نے گوجرانوالہ کا دورہ کیا اور ایس ٹی ڈیفینیز انگلش ہائی سکول، چرچ روڈ گوجرانوالہ میں خواتین کو تعلیم کے ذریعے بااختیار بنانے'' کے موضوع پر منعقدہ کانفرنس میں شرکت کی۔کانفرنس میں رکن قومی اسمبلی محمود بشیر ورک، امن کمیٹی کے اراکین ریورنڈ ڈاکٹر مجید ابیل، اے سی سٹی اقراء مبین، سماجی شخصیت حاجی محمد یوسف کھوکھر، اور پروفیسر شہزاد لارنس سمیت مختلف مکتبہ فکر کے نمائندگان نے شرکت کی۔ریمش سنگھ اروڑہ نے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف نے واضح کیا ہے کہ اقلیتیں میرے سر کا تاج ہیں، ان کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے، اور یہی میاں نواز شریف کی سوچ ہے۔ہمیں فخر ہے کہ پنجاب حکومت نے اقلیتی امور کے بجٹ میں 250 فیصد اضافہ کیا ہے، جبکہ اقلیتی کارڈ جیسے انقلابی اقدامات سے اقلیتوں کو بااختیار بنایا جا رہا ہے۔'' انہوں نے اعلان کیا کہ حکومت پنجاب ایک ڈیجیٹل ای-لرننگ پروگرام کا آغاز کر رہی ہے جو غریب طلبہ کے لیے کسی نعمت سے کم نہیں ہوگا۔ اسکے ساتھ آٹھویں سے بارھویں جماعت کے طلبہ کے لیے فری کوچنگ کلاسز شروع کی جا رہی ہیں۔انہوں نے شرکاء کو یقین دلایا کہ کمیونٹی بلڈنگ پروگرامز اور سکل ڈیولپمنٹ کے ذریعے اقلیتی نوجوانوں کو ہنرمند بنایا جائے گا تاکہ وہ پاکستان کا نام دنیا میں روشن کر سکیں۔رکن قومی اسمبلی محمود بشیر ورک نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہم اقلیتوں کے حقوق کے بھرپور حامی ہیں۔ پاکستان میں ہر شہری کو مساوی حقوق حاصل ہیں۔مسجد ہو، مندر ہو یا گرجا گھر ہر فرد کو آزادی حاصل ہے۔قائداعظم نے بھی اسی سوچ کی بنیاد پر پاکستان کا تصور دیا تھا۔ہم انٹر فیتھ ہم آہنگی پر یقین رکھتے ہیں اور نیگٹو پراپیگنڈے کو مسترد کرتے ہیں۔ریورنڈ ڈاکٹر مجید ابیل نے کہا کہ ہمیں فخر ہے کہ ہماری شناخت پاکستان ہے، ہم اس سرزمین سے محبت کرتے ہیں۔بھارت کی دہشتگردی اور منفی پروپیگنڈے کا سب ملکر منہ توڑ جواب دیں گے۔ پاکستان میں اقلیتیں محفوظ ہیں، ہم آرمی چیف کو پیغام دینا چاہتے ہیں: ڈٹ جائیں، ہم سب آپ کے ساتھ کھڑے ہیں۔اے سی سٹی اقراء مبین، حاجی محمد یوسف کھوکھر اور پروفیسر شہزاد لارنس نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم، بیخبتی اور باہمی احترام ہی ترقی کا واحد راستہ ہے۔کانفرنس کے اختتام پر مقررین اور شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ ایک پرامن، ترقی یافتہ اور ہم آہنگ پاکستان کے لیے متحد رہیں گے جبکہ اقلیتوں کے حقوق، تعلیم، اور خواتین کی بااختیاری کے لیے حکومت پنجاب کے اقدامات کو سراہا گیا۔

یوم مزدور ہمیں محنت کشوں کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے: حاجی محمد افضل بلوچ

اسلام سماجی انصاف مساوات اور انسانی حقوق کے احترام کے اصولوں پر زور دیتا ہے

جہلم (بیورو رپورٹ) یوم مزدور ہمیں محنت کشوں کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے مزدوروں نے اپنے حقوق کیلئے انتھک جدوجہد اور جانوں کا نذرانہ پیش کیا ان خیالات کا اظہار پنجاب پی ڈبلیو ڈی کے مزدور رہنما حاجی محمد افضل بلوچ نے یوم مزدور کے موقع پر میڈیا نمائندگان سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ اسلام سماجی انصاف مساوات اور انسانی حقوق کے احترام کے اصولوں۔ پر زور دیتا ہے وفاقی اور صوبائی حکومتیں محنت کشوں کے کام کرنے اور انکے حالات زندگی بہتر بنانے کے لیے کردار ادا کریں یوم مزدور ہمیں محنت کشوں کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے وطن عزیز کے مزدوروں نے اپنے حقوق اور وطن کی بہتری کے لیے انتھک جدوجہد اور اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے انہوں نے کہا کہ حکومت نے مزدور کی 26 دن کی تنخواہ 37 ہزار مقرر کر رکھی ہے لیکن ضلع بھر میں کوئی مالک نہ تو مزدوروں کو چار چھٹیاں دیتے ہیں اور نہ ہی اجرت پوری دی جاتی ہے محکمہ لیبر سب کچھ جاننے کے باوجود خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہا ہے صوبائی وزیر محنت اور سیکرٹری محنت کو اس پر نوٹس لیتے ہوئے قانون پر عملدرآمد نہ کروانے والے زمہ داران کے خلاف کارروائیاں کرنی چاہیے تاکہ غریب محنت کش حکومتی مراعات سے مستفید ہو سکیں اور خوشحال ہو سکیں حاجی محمد افضل بلوچ نے کہا کہ یکم مئی نہیں بلکہ ہر دن مزدور کا دن ہے سرمایہ دار طبقے کے خلاف آواز بلند کرنے اور اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے مزدوروں کو سلام عقیدت پیش کرتے ہیں۔

متحدہ شہری محاذ کی جانب سے مزدوروں کو خراجِ تحسین

مزدور قوم کا سرمایہ اور ترقی کی بنیاد ہیں، ان کی محنت سے ملک کی معیشت کا پہیہ رواں ہے، چوہدری محمد منشاء

میاں چنوں (کھسیل رپورٹر) متحدہ شہری محاذ کی جانب سے مزدوروں کو خراجِ تحسین۔تفصیلات کے مطابق یکم مئی یوم مزدور کے موقع پر متحدہ شہری محاذ کے رہنماؤں چوہدری محمد منشاء کھکھ، صاحبزادہ میاں سجاد نازش، ملک مدثر عمران بھٹہ، نواب حبیب اشعر، ڈاکٹر اسد شبیر ودیگر شخصیات نے غلہ منڈی کا دورہ کیا جہاں وہ کڑی دھوپ میں محنت کرنے والے مزدوروں سے ملے، رہنماؤں نے مزدوروں کی خدمات کو سراہتے ہوئے ان پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں، پھولوں کے گلدستے پیش کئے اور مٹھائیاں تقسیم کیں، اس موقع پر رہنماؤں کا کہنا تھا کہ مزدور قوم کا سرمایہ اور ترقی کی بنیاد ہیں، ان کی محنت سے ملک کی معیشت کا پہیہ رواں ہے، یوم مزدور ہمیں یہ سبق دیتا ہے کہ ہم محنت کش طبقے کی عزت کریں اور ان کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنائیں، متحدہ شہری محاذ نے مزدوروں سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ مزدوروں کے لئے اجرتوں میں اضافہ، طبی سہولیات، اور فلاحی منصوبوں کو یقینی بنائے تاکہ یہ طبقہ معاشی و سماجی طور پر مستحکم ہو سکے، رہنماؤں نے حوصلہ بڑھاتے ہوئے مزدوروں کے ساتھ ملکر عملی طور پر کام کیا، مزدوروں نے حوصلہ افزائی پر شکریہ ادا کیا آخر میں مزدوروں کی خوشحالی اور پاکستان کی فلاح و بہبود کیلئے دعا کی گئی۔



اسسٹنٹ کمشنر انعم علی خان کا گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول میں امتحانی مرکز کا دورہ

امتحانی مرکز کے انچارج اور اساتذہ پیپرز کے دوران شفاف امتحانات کے انعقاد کے لیے کڑی نگرانی کو یقینی بنائیں



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اسسٹنٹ کمشنر انعم علی خان کا گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول میں امتحانی مرکز کا دورہ، انہوں نے انٹرمیڈیٹ امتحانات کے انتظامات کا جائزہ لیا، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر انعم علی خان میں ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ سخت موسم کے پیش نظر امتحانی مرکز میں طالبعلموں کو ٹھنڈے پانی، پنکھوں مناسب روشنی اور بجلی کی بلاتعطل فراہمی کے لیے تمام تر اقدامات مکمل رکھے جائیں، انہوں نے مزید کہا کہ امتحانی مرکز کے انچارج اور اساتذہ پیپرز کے دوران شفاف امتحانات کے انعقاد کے لیے کڑی نگرانی کو یقینی بنائیں اور امتحانات کے دوران قوانین وضوابط کی خلاف ورزی کی صورت میں سخت ایکشن لیں، اسسٹنٹ کمشنر انعم علی خان نے امتحانی مرکز میں انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا

ضلع چنیوٹ میں عوامی بہبود کے اقدامات کا تسلسل جاری ہے

ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلع چنیوٹ میں عوامی بہبود کے اقدامات کا تسلسل جاری ہے۔ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈپٹی کمشنر نیضلع میں ستھرا پنجاب پروگرام پر حکومتی ویژن کے مطابق من وعن عملدرآمد کی تاکید کی۔انہوں نے کہا کہ چنیوٹ کو صفائی کے لحاظ سے مثالی ضلع بنانا ہے۔انہوں نے کہا کہ سپر ائس کنٹرول میکنزم پر عملدرآمد میں کوتاہی نہیں ہونی چاہیے۔صارفین کی اشیائے ضروریہ کی اوور چارجنگ کی شکایات زیرو کریں اور مقررہ نرخوں پر اشیاء فروخت نہ کرنے والوں کو جیل بھجوایا جائے۔انہوں نے کہا کہ چنیوٹ شہر سمیت تحصیلوں میں علاقائی خوبصورتی کو اجاگر کریں اس ضمن میں چوکوں میں دیدہ زیب ماڈلز نصب کرائے جائیں۔اجلاس میں دیگر حکومتی اقدامات پر عملدرآمد کا بھی جائزہ لیا گیا۔

مریضوں کو دستیاب طبی سہولیات کا جائزہ لینے کے لیے اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر کا ٹی ایچ کیو ہسپتال کا اچانک دورہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) مریضوں کو دستیاب طبی سہولیات کا جائزہ لینے کے لیے اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر کا ٹی ایچ کیو ہسپتال کا اچانک دورہ، انہوں نے ہسپتال کے مختلف وارڈز میں مریضوں کی عیادت کی اور طبی سہولیات کا جائزہ لیا، اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر نے ایم ایس اور ہسپتال انتظامیہ کو مریضوں کے علاج معالجہ کے لیے تمام امور کی کڑی نگرانی کا ٹاسک سونپ دیا، انہوں نے کہا کہ ہسپتال میں ڈیوٹی شفٹ تبدیلی کے دوران جب تک دوسری شفٹ کے ڈاکٹرز و عملہ ڈیوٹی پر نہ آئے اس وقت تک پہلی شفٹ کے اہلکار ہرگز سیٹیں خالی نہ چھوڑیں، اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر نے کہا کہ اس سلسلہ میں پیشنٹ مینجمنٹ سروس کا خصوصی خیال رکھا جائے، انہوں نے کہا کہ شکایت کی صورت میں سخت ایکشن دیا جائے گا۔

عالمی یوم مزدور کے موقع پر وطن عزیز کے بلند ہمت محنت کشوں کی عظمت کو سلام پیش کرتے ہیں

مزدوروں کا عالمی دن منانے کا مقصد مزدوروں کے حق کے لئے آواز بلند کرنا ہے

وزیر آباد (کھسیل رپورٹر) ضلعی آرگنائزر لیبر ونگ مسلم لیگ (ن) محمد عمران سنی کمبوہ نے کہا کہ عالمی یوم مزدور کے موقع پر وطن عزیز کے بلند ہمت محنت کشوں کی عظمت کو سلام پیش کرتے ہیں، مزدوروں کا عالمی دن منانے کا مقصد مزدوروں کے حق کے لئے آواز بلند کرنا ہے، مہنگائی کے اس دور میں ایک مزدور کم آمدنی میں بیوی بچے کیسے پالتا ہے، متوسط اور متمول طبقات کے لئے بھی مہینے کے اخراجات پورے کرنا ممکن نہیں رہا ہی ایسے مزدور بھی ہیں جو یومیہ اجرت پر کام کرتے ہیں اور انکے حالات عام مزدوروں سے بدتر ہیں کیونکہ انہیں کبھی کام ملتا ہے اور کبھی پورا دن انتظار کے بعد خالی ہاتھ لوٹنا پڑتا ہے، یوم مزدور جو کہ یکم مئی کو منایا جاتا ہے دنیا بھر کے مزدوروں کے لئے اہم ترین دن ہے پاکستان میں یہ دن بہت اہمیت کا حامل ہے اور اس دن کو خصوصی طور پر منانا چاہئے، مسلم لیگ (ن) محنت کشوں کی جماعت ہے۔لیبر ونگ آل پاکستان کے صدر چوہدری امجد جاوید، جنرل سیکرٹری سردار خالد ملک لیبر ونگ کے لئے جو احسن اقدامات کر رہے ہیں وہ قابل تحسین ہیں پارٹی ان کو کبھی فراموش نہیں کرے گی۔

عالمی یوم مزدور کے موقع پر وطن عزیز کے بلند ہمت محنت کشوں کی عظمت کو سلام پیش کرتے ہیں

مزدوروں کا عالمی دن منانے کا مقصد مزدوروں کے حق کے لئے آواز بلند کرنا ہے

وزیر آباد (کھسیل رپورٹر) ضلعی آرگنائزر لیبر ونگ مسلم لیگ (ن) محمد عمران سنی کمبوہ نے کہا کہ عالمی یوم مزدور کے موقع پر وطن عزیز کے بلند ہمت محنت کشوں کی عظمت کو سلام پیش کرتے ہیں، مزدوروں کا عالمی دن منانے کا مقصد مزدوروں کے حق کے لئے آواز بلند کرنا ہے، مہنگائی کے اس دور میں ایک مزدور کم آمدنی میں بیوی بچے کیسے پالتا ہے، متوسط اور متمول طبقات کے لئے بھی مہینے کے اخراجات پورے کرنا ممکن نہیں رہا ہی ایسے مزدور بھی ہیں جو یومیہ اجرت پر کام کرتے ہیں اور انکے حالات عام مزدوروں سے بدتر ہیں کیونکہ انہیں کبھی کام ملتا ہے اور کبھی پورا دن انتظار کے بعد خالی ہاتھ لوٹنا پڑتا ہے، یوم مزدور جو کہ یکم مئی کو منایا جاتا ہے دنیا بھر کے مزدوروں کے لئے اہم ترین دن ہے پاکستان میں یہ دن بہت اہمیت کا حامل ہے اور اس دن کو خصوصی طور پر منانا چاہئے، مسلم لیگ (ن) محنت کشوں کی جماعت ہے۔لیبر ونگ آل پاکستان کے صدر چوہدری امجد جاوید، جنرل سیکرٹری سردار خالد ملک لیبر ونگ کے لئے جو احسن اقدامات کر رہے ہیں وہ قابل تحسین ہیں پارٹی ان کو کبھی فراموش نہیں کرے گی۔

وفاقی اور صوبائی حکومتیں مزدوروں کے مسائل و مشکلات کے حل پر خصوصی توجہ دیں: الیاس ساجد بھٹہ

محنت کشوں کو بنیادی حقوق فراہم کئے بغیر معاشرہ آگے نہیں بڑھ سکتا مزدور ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) انجمن تاجران ریلوے روڈ کرامت مارکیٹ کے صدر رانا محمد اکرم اور جنرل سیکرٹری الیاس ساجد بھٹہ نے کہا ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں مزدوروں کے مسائل و مشکلات کے حل پر خصوصی توجہ دیں محنت کشوں کو بنیادی حقوق فراہم کئے بغیر معاشرہ آگے نہیں بڑھ سکتا مزدور ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے جسے نظر انداز کر کے معاشی ترقی کے اہداف حاصل نہیں کیے جا سکتے، مزدوروں کا بنیادی سہولیات سے محروم ہونا حکومتی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے صنعتوں کے ساتھ ساتھ زرعی مزدوروں، کسانوں اور خواتین ورکرز کی فلاح و بہبود کیلئے ایک جامع لائحہ عمل کی ضرورت ہے جو فوری مرتب کر کے نافذ کرنے کی ضرورت ہے، تمام مزدوروں کو سوشل سیکورٹی پروگرام کے تحت رجسٹرڈ کیا جائے اور جو صنعتی مالکان اس اقدام کی راہ میں رکاوٹ بنیں ان کا کڑا محاسبہ کیا جائے، اللہ تعالیٰ نے محنت کرنے والے کو اپنا دوست قرار دیا ہے اور ان کی کوششوں کا بروقت معاوضہ دینے پر زور دیا ہے مگر پاکستان میں سب سے زیادہ صنعتی مزدوروں کا استحصال ہو رہا ہے فیکٹری و کارخانہ مالکان مزدوروں کو حکومتی نوٹیفکیشن کے مطابق تنخواہیں اور دیگر سہولیات فراہم کرنے کو تیار نہیں کسی بھی ملک اور معاشرے کی ترقی میں مزدوروں اور محنت کشوں کی شراکت ناگزیر ہوتی ہے مگر پاکستان میں مزدوروں کو مسلسل استحصال کا نشانہ بنایا جا رہا ہے جس کا تدارک یقینی بنانا حکومت کی ذمہ داری ہے لہٰذا وفاقی اور صوبائی حکومتیں مزدوروں و محنت کشوں کے حقوق کے تحفظ پر خصوصی توجہ دیں اور انہیں تمام تر بنیادی حقوق فراہم کریں۔

ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر اور ممبر صوبائی اسمبلی کرنل (ر) غضنفر عباس قریشی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا

محکمہ لوکل گورنمنٹ کے افسران نے جاری اسکیموں پر بریفنگ دی اور رواں سال ماہ جون تک اسکیموں کو مکمل کرنے کا عزم کیا



جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر اور ممبر صوبائی اسمبلی کرنل (ر) غضنفر عباس قریشی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی، ایس پی پنجاب سیف سٹی اتھارٹی محمد عرفان، امیر عباس سیال، سابق ممبر صوبائی اسمبلی خالدہ غنی، سابق ممبر صوبائی اسمبلی فیصل حیات جوآنہ، سابق ممبر صوبائی اسمبلی سلطان سکندر بھروانہ اور ضلعی محکموں کے سربراہان نے شرکت کی میٹنگ کے دوران اسکیموں پر کام کی پیش رفت اور فنڈز کی دستیابی بارے تفصیلی بریفنگ دی۔اس دوران انہوں نے بتایا کہ رواں سال ماہ جون تک مختلف اسکیموں کو مکمل کر لیا جائے گا۔ڈپٹی کمشنر نے محکمہ ہائی وے کے افسران کو زیر تعمیر سڑکوں پر روزانہ کی بنیاد پر پانی کا چھڑکاؤ اور استعمال میٹریل کی کوالٹی کو یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں۔سی او ہیلتھ نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال، تحصیل ہیڈکوارٹرز ہسپتالوں اور تمام مراکز صحت پر طبی سہولیات کی فراہمی اور ادویات کی دستیابی کے حوالے سے بریفنگ دی۔بنیادی مراکز صحت کی ری ویمپنگ کے حوالے سے بھی محکمہ صحت اور بلڈنگ کے افسران نے بریفنگ دی۔ایس

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

دفاع

پاکستانی فوج کے شعبہ تعلقات عامہ نے الزام لگایا ہے کہ پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات میں بھارتی فوج براہ راست ملوث ہے۔ اس میں صرف خفیہ ایجنسی راہی کردار ادا نہیں کرتی۔ پریس کانفرنس میں لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے گرفتار ہونے والے ایک انڈین ایجنٹ اور اس کے ہینڈلرز کے درمیان ہونے والی گفتگو کی ریکارڈنگ بھی جاری کی۔

اسی دوران نئی دہلی میں بھارت کے وزیراعظم نریندر مودی نے مسلح افواج کے سربراہان کے ساتھ اپنے گھر پر ایک خصوصی ملاقات کی ہے۔ اس موقع پر وزیر دفاع اور قومی سکیورٹی کے مشیر بھی موجود تھے۔ بھارتی میڈیا نے اس اجلاس کے حوالے سے جو خبریں جاری کی ہیں ان کے مطابق نریندر مودی نے کہا ہے کہ پہلگام حملے کے ردعمل میں طریقہ کار، اہداف اور وقت کا تعین کرنے میں مسلح افواج کو مکمل آپریشنل آزادی حاصل ہے۔ اس سے پہلے ایک بیان میں بھارتی وزیراعظم نے کہا تھا کہ پہلگام میں سیاحوں پر حملہ کرنے والے دہشتگردوں اور ان کی پشت پناہی کرنے والوں کو زمین کے آخری کونے تک تلاش کریں گے۔ انہیں ایسی سزائیں دی جائی گی جس کا وہ تصور بھی نہیں کر سکتے۔

وزیراعظم نریندر مودی کے بیانات درحقیقت بھارت میں پاکستان کے خلاف جنگی ماحول پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ بھارتی میڈیا اور ٹاک شوز انتہائی جوش وخروش سے پہلگام کا سارا الزام پاکستان پر عائد کرتے ہوئے کسی موثر جنگی کارروائی کے دعوے کر رہے ہیں۔ حکومت کی طرف سے اس ماحول میں کمی کے لیے کوئی اقدام دیکھنے میں نہیں آیا بلکہ یہی محسوس ہوتا ہے کہ بھارتیہ جنتا پارٹی کی حکومت پاکستان کے خلاف نفرت پھیلا کر اپنے انتہا پسندانہ ایجنڈے کی تکمیل چاہتی ہے۔ یہ سوال ابھی تک جواب طلب ہے کہ کیا بھارت واقعی پاکستان پر حملہ کرنے کا ارادہ رکھتا ہے یا ایک افسوسناک سانحہ کے بعد سیاسی مفاد کے لیے ایک خاص طرح کا پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے۔

پاکستان میں اس کے برعکس جنگی جنون یا بھارتی حملے کا کوئی خوف موجود نہیں ہے لیکن اعلیٰ سرکاری حلقے بھارت کی طرف سے کسی جنگی کارروائی کو مسترد بھی نہیں کرتے۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ کہ اس حوالے سے آئندہ چند روز اہم ہیں۔ البتہ پاکستانی فوج کسی بھی کارروائی کا مناسب جواب دینے کے لیے مستعد ہے۔ ایسی ہی بات نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے آج سینیٹ میں پہلگام واقعہ کے بعد رونما ہونے والے حالات پر بریفنگ دیتے ہوئے کہی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان جنگ میں پہل نہیں کرے گا لیکن اگر اس پر حملہ کیا گیا تو اس کا پوری قوت سے جواب دیا جائے گا۔ یہاں مسئلہ کا یہ پہلو قابل غور ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی سمیت اعلیٰ حکومتی لیڈروں نے اگرچہ پہلگام حملہ کے ذمہ داروں کو سخت سزا دینے کی بات تواتر سے کی ہے لیکن بھارت نے سرکاری طور سے پاکستان پر اس حملہ میں ملوث ہونے کا الزام نہیں لگایا۔

گو کہ بھارت کا میڈیا بہت صراحت سے یہ موقف اختیار کیے ہوئے ہے کہ یہ کام پاکستان نے ہی کیا ہے اور اسی کو اس معاملے میں سزا ملنی چاہیے۔ ایسے میں سب سے اہم سوال یہ پیدا ہوگا کہ کیا بھارتی حکومت پاکستان پر کوئی ٹھوس الزام لگائے بغیر اور یہ واضح کیے بغیر کہ وہ دہشت گردی کی روک تھام کے لیے عسکری کارروائی کرے گی، اپنی فوج کو یک طرفہ طور سے پاکستان کے خلاف کارروائی کرنے کا حکم دے سکتی ہے؟ جنگ اور دشمنی میں شاید سب کچھ ممکن ہے لیکن بھارت اگر پہلگام سانحہ میں واقعی پاکستان کو ملوث سمجھتا ہے تو اسے کم از کم اس بارے میں کھل کر بات کرنی چاہیے۔ اسی لیے سیاسی لیڈروں کے بیانات کو ان کے وسیع تر تناظر میں پرکھنے اور بین السطور دیے جانے والے پیغام کو سمجھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

تاہم نریندر مودی اور ان کی کابینہ کے ارکان گرمجوشی سے قصوروار وں کا دنیا کے آخری کنارے تک پیچھا کرنے کے کے لایعنی بیانات دے کر خود اپنے لیے بھی ایسی مشکل صورت حال پیدا کر سکتے ہیں، جس سے پیچھے ہٹنا شاید ان کے لیے ممکن نہ رہے۔ اس وقت تک پہلگام سانحہ کے ذمہ داروں کو سخت سزا دینے کی بات کی جا رہی ہے لیکن وزیراعظم سمیت کوئی حکومتی عہدیدار ان ذمہ داروں کا تعین نہیں کر رہا ہے۔ البتہ میڈیا کے ذریعے مچائے گئے شور وغل اور پروپیگنڈے میں اس کا سارا الزام پاکستان پر عائد کیا جا رہا ہے۔ کبھی حملہ آوروں کی موبائل کالز کو لاہور اور دیگر پاکستانی علاقوں میں ٹریس کرنے کی خبر دی جاتی ہے اور کبھی حملہ کی ذمہ داری قبول کرنے والے نامعلوم گروہ ریزسٹنس فرنٹ کا تعلق لشکر طیبہ سے ملا کر دعوی کیا جاتا ہے کہ یہ حملہ پاکستان سے کرایا گیا تھا۔ جبکہ دوسری طرف خود بھارتی حکام ابھی اس واقعہ کی تحقیقات مکمل کر کے اس کی کوئی ابتدائی رپورٹ بھی سامنے نہیں لائے۔ بھارتی حکام اشتعال انگیز ماحول پیدا کر رہے ہیں اور میڈیا انہیں پاکستان کے خلاف اعلان جنگ سے منسلک کر کے جنگ کے اعلانات کر رہا ہے۔ ایسی صورت مودی حکومت کے کے پاوں کی زنجیر بھی بن سکتی ہے۔ وہ نہ چاہتے ہوئے بھی کوئی ایسی غلطی کر سکتے ہیں جس کی وجہ سے برصغیر میں ایسی جنگ چھڑ جائے جس پر خود ان کا اپنا کنٹرول بھی نہ رہے۔ بھارتی حکومت اور لیڈروں پر واضح ہونا چاہیے کہ جنگ شروع کرنے کے بعد اسے سمیٹنا خود اپنے ہاتھ میں نہیں ہوتا۔ بھارت کی کسی جارحیت کے جواب میں پاکستان اس وقت تک اسے ختم نہیں ہونے دے گا جب تک وہ بھی جوابا بھارتی فوج وتنصیبات کو تکلیف دہ نقصان نہ پہنچا لے۔ نریندر مودی گھاگ اور تجربہ کار سیاست دان ہیں۔ تاہم انہیں یہ احساس بھی ہونا چاہیے کہ ہمسایہ ملک کے خلاف جنگ کا ماحول پیدا کرنے کے بعد ان پر کوئی بڑی کارروائی کرنے کا دباو بڑھے گا۔ جیسا کہ 2019 میں بالاکوٹ پر حملہ کر کے ایک خودکش حملہ میں 40 انڈین فوجیوں کی ہلاکت کا بدلہ لینے کا دعوی کیا گیا لیکن اگلے ہی روز پاکستانی فضائیہ کے ساتھ ایک جھڑپ میں دو بھارتی فائٹر تباہ ہو گئے۔ ایک تباہ شدہ طیارہ پاکستانی علاقے میں گرا اور ابھینندن کی گرفتاری کی صورت میں بھارتی ناکامی و ہزیمت کا عالمی اشتہار بن کر رہ گیا۔ اب یہ کہا جا رہا ہے کہ مودی سے توقع ہے کہ اس بار پاکستان کو سبق سکھانے کے لیے انہیں کچھ اس سے بھی بڑا کرنا پڑے گا۔ اشتعال انگیز بیانات اور میڈیا مہم جوئی کے بعد اگر نریندر مودی کچھ نہیں کرتے تو ان کی سیاسی ساکھ کو نقصان پہنچے گا اور اگر وہ کوئی قدم اٹھانے کی کوشش کرتے ہیں تو انہیں پاکستانی جواب سے پریشان ہونا چاہیے۔ اس لیے بہتر حکمت عملی تو یہی ہوگی کہ مودی سرکار اس معاملہ کو براہ راست تصادم میں تبدیل کرنے سے پرہیز کرے۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ پاکستانی فوج تعداد، اسلحہ کی مقدار، ٹیکنالوجی اور دیگر وسائل میں بھارتی فوج سے بہت کم ہے۔ پاکستان بظاہر روایتی جنگ میں بھارت کا مقابلہ کرنے کے قابل نہیں۔

لیکن پاکستان کی یہی کمزوری بھارتی حکومت کے لیے پریشانی کا سبب ہونی چاہیے۔ اس میں ایک خطرہ تو یہی ہے کہ کسی فضائی مقابلے میں پاکستانی فائٹرز بھارت کو شدید نقصان پہنچا کر اس کی بڑائی کا بھانڈا پھوڑ دیں۔

جنگی حالات اور محنت کشوں کی بقا!!

تحریر: آئمہ محمود

جنرل سیکرٹری، آل پاکستان ٹریڈ یونین فیڈریشن پنجاب
ممبر گورننگ باڈی سوشل سکیورٹی پنجاب

دنیا کے مختلف خطوں کو دہشت گردی اور جنگی صورتحال کا سامنا ہے ایک طرف فلسطینی عوام کی نسل کشی کی جا رہی ہے دوسری طرف اس آگ کو مشرق وسطی میں بھی پھیلایا دیا گیا ہے جس کی مثال امریکہ کی طرف سے یمن میں کی گئی تباہی ہے جس سے حالات کی سنگینی میں مذید اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ یوکرین اور روس کی جنگ میں امریکی پالیسی میں تبدیلی کو جواز بنا کر یورپ اپنے عوام کی فلاح وبہبود کو پس پشت ڈال کر دفاعی بجٹ کو بڑھاتے ہوئے اسلحہ کی دوڑ میں سب کو پیچھے چھوڑنے کی کاوشوں میں مصروف ہو گیا ہے۔ پاکستان پر نظر ڈالیں تو بلوچستان میں بڑھتی دہشت گردی اور ایران میں پاکستانی مزدوروں کا قتل انتہائی تشویش ناک اور قابل مذمت ہے اور اب مقبوضہ کشمیر کے علاقے پہلگام میں ہونے والی دہشت گردی کے انتہائی دلخراش سانحہ کے بعد انڈیا اور پاکستان کے درمیان بڑھتے تناو سے عام عوام کی مشکلات میں اضافہ ہوا، نہ صرف لوگوں کی جانیں گئیں بلکہ پابندیوں کی پالیسی سے معاشی نقصان بھی پہنچ رہا ہے۔ اس تباہی و بربادی میں اب تک لاکھوں معصوم شہری خواتین، بچے، بزرگ مارے گے لیکن عالمی طاقتیں اس آگ سے اپنے ہاتھ گرم کرنے کے علاہ کچھ نہیں کر رہیں۔ اس آگ پر تیل ڈالتے ہوئے امریکہ نے نام نہاد Tariff وار کا آغاز بھی کر دیا جس کے باعث اب تک ٹریلین ڈالرز کا نقصان ہو چکا ہے اور پوری دنیا ہل کے رہ گئی ہے ہیجان کی یہ کیفیت اس بات کی عکاس ہے کہ عالمی مالیاتی ادارے اور اقوام متحدہ اپنے قیام کے مقاصد میں ناکام ہو چکے ہیں اور یہ بین الاقوامی ادارے چند طاقتوں کے ہاتھوں کی کٹھ پتلیوں سے زیادہ کچھ نہیں ہیں۔

موجودہ سرمایہ داری نظام میں انسانوں کی حیثیت ریت کے ایک ذرے برابر ہے اس نظام سے فائدہ اٹھانے اور اس کو مضبوط بنانے میں چند سرمایہ دار اور ملٹی نیشنل کمپنیاں ملوث ہیں ۔ایک رپورٹ کے مطابق 2023 میں 2443 ٹریلین ڈالر فوجی بجٹ میں ڈالا گیا تھا اور اب حالات سے لگ رہا ہے کہ 2025 میں یہ بجٹ دگنا کرنے کا پروگرام ترتیب دیا جا رہا ہے۔ ایسے میں عوام کے حالات کا جائزہ لیں تو تیسری دنیا سے لے کر یورپ ہو یا امریکہ ضروریات زندگی کی اشیا کی قیمتیں آسمانوں کو چھو رہی ہیں دنیا کی تقریبا 10 فیصد آبادی انتہائی غربت کا شکار



ہے۔ I L O کی رپورٹ کے مطابق 160 ملین بچے جس میں 63 ملین بچیاں اور 97 ملین بچے چالڈ لیبر کے طور پر کام کر رہے ہیں کرونا کی وبا کے بعد اس تعداد میں اضافہ ہوا ہے۔ خواتین ورکرز بھی پوری دنیا میں مسائل کا سامنا کر رہی ہیں

مردوں کے مقابلے میں کم معاوضہ ایک گلوبل ایشو ہے اس کے علاوہ ہراگنی، ہیلتھ اینڈ سیفٹی، مستقل ملازمت، روزگار کے محدود مواقعے، کام کی غیر محفوظ جگہ، زرعی مزدور خواتین کی اکثریت کا بلا معاوضہ کام اور دوہرا استحصال ہر خطہ کی عورتوں کا مسلہ ہے۔ زندگی کے ہر شعبے میں کام کرتی خواتین، ورک فورس کے اعداد وشمار میں مردوں کے مقابلے میں کم نظر آتی ہیں کیونکہ غیر رسمی شعبے میں کام کرنے والی 80 فیصد خواتین ورکر اپنی شناخت اور حقوق سے محروم ہیں۔ انصاف کی فراہمی کی بات کریں تو لاہور میں 9 سال تک حصول انصاف کی جدوجہد کرنے والے ورکر کی ہائی کورٹ کے سامنے خود سوزی عدالتی نظام پر سیاہ دھبہ ہے مزدوروں کو ان تمام مسائل کا سامنا 21 صدی میں اس وقت ہے

جب آٹیفشل انٹیلیجنس AI کی ترقی اور اثرات کے گن گائے جا رہے ہیں لیکن AI کی ترقی محنت کش خواتین اور مردوں کی زندگی میں بہتری کی ضمانت نہیں بلکہ ان کے بنیادی حق روزگار پر ڈنڈ پہنچ رہی ہے کیونکہ وہ صنعت جہاں 10 سے 12 ورکرز کام کر رہے تھے آج جدید مشنری کے سبب وہاں 2 سے 4 مزدور کام کر رہے ہیں وہ بھی بنا مستقل ملازمت اور دیگر بنیادی حقوق کے ۔دعوی کیا جاتا ہے کہ AI سے کئی نئی ملازمتوں کے مواقعے پیدا ہوں گے لیکن آنے والے وقت میں ٹیکنالوجی اور معاشی ڈھانچہ بے روزگاری میں اضافے کی بڑی وجہ ہوگی۔ ترقی پذیر ممالک کی مزدور تحریک اس چیلنج سے بے خبر نظر آ رہی ہے۔ اس خطرے سے نپٹنے کے لیے ترقی پذیر ممالک کی حکومتوں اور یونینز کی کوئی حکمت عملی سامنے نہیں آ رہی ۔ محنت کشوں کے حال اور مستقبل سے لاتعلق حکمرانوں کو نہ ہی اپنی ناک سے نیچے دیکھنے میں دلچسپی ہے

نہ ہی صلاحیت بس جنگ کا شور مچا کر عوام کے لئے جاری فلاحی منصوبوں پر کٹ لگانے میں ایک دوسرے پر سبقت لے جانے کی کوششوں میں مصروف ہے۔ ان زمینی حقائق کے ساتھ 2025 میں مزدوروں کے عالمی دن پر نہ صرف ملکی بلکہ بین الاقوامی سطح پر مزدور یونینز اور مزدور تنظیموں کو دور اندیشی کے ساتھ موثر لائحہ عمل اپنانے کی اشد ضرورت ہے کیونکہ دنیا میں راج سرمایہ داری نظام میں وسائل پر چند ملٹی نیشنل کے قبضے سے ثابت ہو چکا ہے

کہ اس استحصالی نظام کو بدلنے کے علاوہ اب ہم محنت کشوں کے پاس کوئی اور چارہ نہیں کیونکہ منافع کی حرس میں جہاں سرمایہ داروں نے مزدوروں کا خون چوسا وہاں انھوں نے دنیا کی ماحولیات کو بھی تباہ کر دیا اس کے اثرات، موسموں کی شدت، سیلاب، خشک سالی، قحط، بھوک، آلودگی اور مہلک بیماریوں کی صورت میں عام غریب عوام، مزدور اور کسان بھگت رہے ہیں فضائی آلودگی اور آلودہ پانی سے سینکڑوں اموات ہو چکی ہیں اور مسلسل ہو رہی ہیں کیونکہ اس سے نہ صرف موجودہ بلکہ آنے والی نسلیں بھی متاثر ہوں گی لہذا یوم مئی پر مزدوروں کے مطالبات صرف تنخواہ بڑھانے یا روزگار دینے تک محدود نہیں رہنے چاہیے بلکہ پہلا مطالبہ استحصالی نظام کا خاتمہ ہونا چاہیے۔

پوری دنیا کہ مزدور جنگ کا خاتمہ اور امن کا قیام چاہتے ہیں اس لیے سیاسی محاذ پر محنت کشوں کی آواز کو مضبوط بنانے کی حکمت عملی تشکیل دینی ہوگی۔ خواتین جو دنیا کی آدھی آبادی ہیں ان کی نمائندگی اور فیصلہ سازی میں شمولیت یقینی بنانی ہو گی۔ تعلیم، صحت، خوراک، رہائش، تحفظ اور روزگار کا حق سب کے لئے اور سب کے ساتھ سے ممکن بنانا ہے۔ مذہب، زبان، علاقے، رنگ اور نسل کی بنیاد پر انسانوں میں کی گئی تقسیم کو ختم کرنے کے لیے آگاہی اور اتحاد کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا۔ تمام تر مشکلات کے باوجود یوم مئی مزدوروں کے عالمی دن پر پوری دنیا کے محنت کش امن، فوری انصاف، برابری، آزادی اظہار، وسائل کی مصفانہ تقسیم اور سماجی تحفظ کے لئے ہم آواز ہوں گے اور اس یقین کے ساتھ جدوجہد جاری رہے گی کہ محنت کش ہی اس سامراجی نظام کو بدلنے کی طاقت رکھتے ہیں کیونکہ ہم نے پہلے بھی بدلا تھا اور اب بھی بدلیں گے یہ فرسودہ نظام۔ دنیا بھر کے محنت کشوں کی جدوجہد کو سرخ سلام !!

قبیلہ کیا سوچے گا ! مکمل کالم

تحریر: یاسر پیرزادہ

میرے حلقہ احباب میں ایک صاحب ہیں جن کی شرعی داڑھی ہے، ٹخنوں سے اونچی شلوار پہنتے ہیں، پانچ وقت کی نماز پڑھتے ہیں، روزے رکھتے ہیں اور زکوۃ دیتے ہیں۔ گویا اپنے چہرے مہرے، حلیے اور اعمال سے کٹر مسلمان لگتے ہیں اور اسی وجہ سے اہل علاقہ انہیں مولوی صاحب کہہ کر پکارتے ہیں حالانکہ نہ انہوں نے کبھی مدرسے کی شکل دیکھی اور نہ کسی مسجد میں امامت کی۔ ان کا ایک بیٹا اور دو بیٹیاں ہیں۔ حسب توقع بیٹا نالائق اور ناخلف ہے جبکہ بیٹیاں بہت سلجھی ہوئیں اور با ادب ہیں، دونوں یونیورسٹی میں پڑھتی ہیں جہاں مخلوط تعلیم ہے، وہ نہ حجاب لیتی ہیں اور نہ عبایہ پہنتی ہیں، بس سادہ شلوار قمیض دوپٹے میں ہوتی ہیں۔

مولوی صاحب کی خواہش ہے کہ وہ سول سروس کا امتحان پاس کر کے اعلیٰ افسر بنیں۔ اس ضمن میں مجھ سے بھی انہوں نے ایک دو مرتبہ بات کی ہے۔ مولوی صاحب سے میری خاصی بے تکلفی ہے، مذہبی معاملات پر اکثر ان سے رہنمائی لیتا رہتا ہوں، ایسے ہی ایک دن پردے پر بحث چھڑ گئی تو میں نے ان سے پوچھ لیا کہ آپ نے اپنی بیٹیوں کو پردہ کیوں نہیں کروایا، انہوں نے جواب دیا کہ میں نے بیٹیوں کو دینی اور دنیاوی تعلیم دلوائی ہے، وہ ماشا اللہ عاقل و بالغ اور سمجھدار ہیں، اپنا بھلا برا جانتی ہیں، اپنے لیے لباس کا انتخاب کرنے میں وہ اسی طرح آزاد ہیں جس طرح میرا بیٹا، آپ نے اس کے بارے میں تو نہیں پوچھا کہ وہ گھٹنوں سے اوپر سوئمنگ کاسٹیوم پہن کر سب کے سامنے کیوں گھومتا ہے۔ اِس جواب نے مجھے چکرا کر رکھ دیا، اِس لیے نہیں کہ یہ بہت فلسفیانہ جواب تھا بلکہ اِس لیے کہ مجھے کسی مولوی ٹائپ بندے سے اِس جواب کی توقع نہیں تھی۔ اور یہی میری غلط فہمی تھی۔

جدید فلاسفی میں ایک تصور ہے جسے Cluster Thinking کہتے ہیں، اردو میں اِس کی متبادل ترکیب قبائلی سوچ ہو سکتی ہے۔ اِس طرزِ فکر میں ہم یہ فرض کر لیتے ہیں کہ اگر کوئی شخص کسی ایک نظریے یا موقف کا علمبردار ہے تو وہ لازمی طور پر کچھ دیگر مخصوص خیالات بھی رکھتا ہوگا جو اس نظریے سے میل کھاتے ہوں گے۔ مثال کے طور پر اگر کوئی شخص سائنس اور ٹیکنالوجی کا حامی ہو تو عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ وہ مذہب بیزار ہوگا جبکہ یہ مفروضہ درست نہیں کیونکہ بندہ سائنس پر یقین رکھتے ہوئے بھی مذہبی ہو سکتا ہے۔

قبائلی سوچ کا مطلب یہ ہے کہ ایک مخصوص نظریے کے لوگ جب کسی خاص فکر کو اپنا لیتے ہیں تو ایک طرح سے وہ اس نظریے کا پورا بنڈل ہی خرید لیتے ہیں جس میں اس سے ہم آہنگ نظریات مفت میں مِل جاتے ہیں اور وہ لوگ ان نظریات کو بھی اپنی فکر کا حصہ بنا لیتے ہیں۔ مثلاً، ہم جنس پرستوں کے حقوق کی حمایت کرنے والوں کے بنڈل میں آپ کو عموماً لبرل فکر کے حامل لوگ ملیں گے جو سیکولر سوچ رکھتے ہوں گے اور سماج کی جانب ان کا رجحان غیر مذہبی ہوگا۔ دوسری طرف اگر کوئی شخص دینی طور پر مذہبی ہوگا تو غالب امکان یہی ہے کہ اس کے نظریات کا بنڈل قدامت پرستانہ خیالات پر مشتمل ہوگا اور اس بنڈل میں ایسے افکار ہوں گے جنہیں ہم عموماً دائیں بازو سے جوڑتے ہیں۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آخر اِس طرزِ عمل میں غلطی کیا ہے؟ کیونکہ اگر کوئی شخص مذہبی ہے اور ہم جنس پرستی کی حمایت بھی کرتا ہے تو کیا وہ منافق نہیں کہلائے گا؟ اور اگر لوگ ایک ہی بریکٹ کے نظریات اپناتے ہیں تو کیا یہ بات منطقی اعتبار سے زیادہ درست نہیں؟ کیا اسے قبائلی سوچ کہہ کر رد کر دینا چاہیے؟

ہماری سوچ اس صورت میں قبائلی سوچ کہلائے گی اگر ہم نظریات کی گٹھڑی کو کھول کر نہیں دیکھیں گے اور اسے محض اِس لیے سر پر اٹھا لیں کہ وہ گٹھڑی سفید رنگ کی ہے اور سفید رنگ ہمیں پسند ہے۔ جبکہ گٹھڑی کو نہ صرف کھول کر دیکھنا ضروری ہے بلکہ اس کی پڑتال بھی لازمی ہے۔ گٹھڑی میں سے جو چیز کام کی ہو وہ رکھ لیں اور جو بیکار ہو اسے پھینک دیں۔

اکثر لوگ مجھے کہتے ہیں کہ آپ تحریروں سے اچھے خاصے لبرل لگتے ہیں، سیکولر ٹچ بھی ہے، آزاد خیالی کی حمایت بھی کرتے ہیں مگر اِس کے ساتھ ساتھ آپ مذہبی معاملات پر بھی رائے دیتے رہتے ہیں، قرآن کی آیتوں کا بھی حوالہ دیتے ہیں اور احادیث کا بھی، واقعہ معراج پر بھی لکھتے ہیں اور کربلا کا نوحہ بھی پڑھتے ہیں، تو کیا آپ متضاد خیالات کے حامل نہیں؟

میرا جواب ہوتا ہے کہ نہیں، کیونکہ میں نے نظریات کی کوئی ایک گٹھڑی سر پر نہیں لاد رکھی، نہ میں نے کسی مذہبی عالم کے ہاتھ پر بیعت کر رکھی ہے کہ میں ہر حال میں اسی کے مسلک کی حمایت میں لکھوں گا اور نہ ہی میں نے لبرل ازم کا ٹھیکہ لیا ہوا ہے کہ آندھی اور طوفان میں بھی اس کا علم تھامے رکھوں گا۔ اصول بہت سادہ ہے اور وہ یہ کہ ہر معاملے کو اس کے میرٹ پر جانچنا چاہیے، لبرل ہونے کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ مغرب کے ہر نظریے کو بنا سوچے سمجھے پٹھی ڈال لو اور مذہبی ہونے کا یہ مطلب نہیں کہ جو بات کوئی عالم دین کہے اس پر بنا تحقیق کے ایمان لے آو۔

دراصل یہ ایک باریک سا فرق ہے، جس کو سمجھنا ضروری ہے، لوگ قبائلی سوچ کا شکار اِس لیے ہو جاتے ہیں کہ ان کی سوچ ایک ایسے ماحول میں پروان چڑھتی ہے جہاں ان کا پالا زیادہ تر ہم خیال لوگوں سے ہی پڑتا رہتا ہے اور وہ لوگ ایک دوسرے کے خیالات کی تائید و تصدیق کرتے کرتے اپنے نظریات میں اِس قدر جامد ہو جاتے ہیں کہ پھر وہ ایک گروہ اور قبیلے کی شکل اختیار کر لیتے ہیں، ایسا قبیلہ جو کوئی بھی مخالف نقطہ نظر سننا پسند نہیں کرتا۔

غور شروع

ہیگ میں عالمی عدالت انصاف نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی اس درخواست پر غور شروع کیا ہے کہ اسرائیل غزہ کے باشندوں کے لیے خوراک کی فراہمی روک کر اور فلسطینیوں کے لیے اقوام متحدہ کی امدادی ایجنسی انروا پر پابندی لگا کر بین الاقوامی قانون کے تحت اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے میں ناکام رہا ہے۔ تاہم غزہ کے باشندوں کے لیے زندگی وموت کی صورت حال پیدا کرنے میں حماس بھی برابر کی ذمہ دار ہے۔ اس دوران اسرائیلی فوج مسلسل غزہ میں حملے کرنے اور مزید علاقوں پر قبضہ کرنے میں مصروف ہیں۔ الجزیرہ کی اطلاع کے مطابق گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران اسرائیلی حملوں میں 70 سے زائد لوگ جاں بحق ہوئے ہیں۔ اسرائیل پر 7 اکتوبر 2023 کے حملہ کے بعد سے غزہ میں اسرائیلی جنگ جوئی کے نتیجہ میں مرنے والوں کی تعداد 55 ہزار سے تجاوز کر چکی ہے۔ جنوری میں یرغمالیوں کی واپسی اور غزہ سے اسرائیلی فوجوں کی واپسی کے لیے ہونے والا معاہدہ ایک دوسرے پر الزام تراشی کے ماحول میں 18 مارچ سے ختم ہو چکا ہے۔ اس کے بعد سے اسرائیل مسلسل غزہ میں حملے کر رہا ہے جس میں روزانہ ہلاکتوں کی رپورٹیں موصول ہو رہی ہیں۔ دنیا میں رونما ہونے والے نئے تنازعات وسانحات کی وجہ سے اس وقت غزہ کی صورت حال عالمی خبروں میں نمایاں نہیں ہو پاتی۔ حالانکہ اسرائیل نے 3 مارچ سے غزہ کے لیے ہر قسم کی امداد کی فراہمی بند کی ہوئی ہے۔ عالمی ایجنسیوں کا کہنا ہے کہ اگر خوراک وپانی کی سپلائی اور طبی ساز وسامان کی فراہمی بحال نہ ہوئی تو غزہ کے 10 لاکھ سے زائد بچے شدید قحط کا سامنا کریں گے۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے گزشتہ سال دسمبر میں بھاری اکثریت سے منظور کی گئی ایک قرارداد میں انٹرنیشنل کورٹ آف جسٹس سے غزہ کے محصور لوگوں کو امداد کی ترسیل کے حوالے سے قانونی پوزیشن واضح کرنے کی درخواست کی تھی۔ جنرل اسمبلی کا کہنا ہے کہ اسرائیل غزہ کے فلسطینیوں کی امداد روک کر اور فلسطینیوں کے لیے کام کرنے والی اقوام متحدہ کی ایجنسی انروا پر پابندی عائد کر کے بین الاقوامی قانون کے تحت اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنے میں ناکام ہوا ہے۔ اسرائیل کا موقف ہے کہ اس نے یرغمالیوں کی رہائی کے لیے غزہ کا بلاکیڈ کیا ہوا ہے کیوں کہ حماس کے جنگجو اس امداد کو لوٹ لیتے ہیں اور اس سے اپنی مجرمانہ قوت میں اضافہ کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ اقوام متحدہ اور امداد فراہم کرنے والے دیگر ادارے اسرائیلی الزامات کی تردید کرتے ہیں۔ وہ اس اسرائیلی موقف سے بھی متفق نہیں ہیں کہ غزہ میں مناسب مقدار میں خوراک موجود ہے اور وہ مسلسل صورت حال کا جائزہ لے رہا ہے۔ اسرائیل اور حماس کے درمیان قطر، مصر اور امریکہ کے تعاون سے جنوری میں جس جنگ بندی پر عمل شروع کرایا گیا تھا وہ بمشکل دو ماہ چل پائی۔ اس وقفے میں غزہ کے شہری ایک بار پھر اپنی زندگی از سر نو شروع کرنے کی تگ ودو کرنے لگے تھے لیکن 18 مارچ سے اسرائیلی حملوں کی وجہ سے وہ ایک بار پھر غزہ کے محدود علاقے میں ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے پر مجبور



حرف رواں
تحریر
ڈاکٹر محمد عمران

ہیں۔

گزشتہ 7 ہفتوں کے دوران غزہ میں کسی قسم کی امداد نہیں پہنچی۔ اقوام متحدہ کے زیر انتظام غزہ میں کام کرنے والی 25 بیکریاں آٹا اور ایندھن نہ ہونے کی وجہ سے مارچ کے آخر سے بند پڑی ہیں۔ اب عالمی عدالت انصاف کو یہ فیصلہ کرنا ہے کہ کیا اس طریقے سے اسرائیل عالمی قانون کے تحت اپنی ذمہ داری پوری کرنے میں ناکام ہو رہا ہے۔ عالمی عدالت انصاف یہ پورا ہفتہ 39 ممالک اور مختلف تنظیموں کے دلائل سنے گی البتہ آئی سی جے کی کوئی رولنگ آنے میں کئی ماہ لگ سکتے ہیں۔ اس بات کا کوئی امکان نہیں ہے کہ اسرائیل عالمی عدالت انصاف کے کسی حکم کو مانے گا۔ اس سے پہلے بھی اس نے اس عدالت سے جاری ہونے والے تمام احکامات کو مسترد کیا ہے۔ موجودہ صورت حال، امریکہ میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے برسر اقتدار آنے اور حماس کو مکمل طور سے ختم کرنے کے مقصد میں اسرائیل کا مکمل ساتھ دینے کے فیصلہ کے بعد سے دیکھنے میں آئی ہے۔ ایران جو 7 اکتوبر 2023 کو ہونے والے سانحہ کے بعد حماس اور لبنان کے عسکری گروہ حزب اللہ کو سیاسی و عسکری امداد فراہم کرتا رہا ہے، اب خود امریکی حملوں سے بچنے کے لیے ٹرمپ حکومت کے ساتھ کسی معاہدے کے لیے بات چیت کر رہا ہے۔ اس دوران صدر ٹرمپ نے عالمی تجارتی نظام کو تبدیل کرنے کے لیے جو ٹیرف وار شروع کی ہے، اس کے تناظر میں مغربی ممالک کے علاوہ دنیا بھر کے لیڈروں کی توجہ اس صورت حال سے پیدا ہونے والے مسائل پر مبذول ہے۔ اسرائیل اس صورت حال کو پوری طرح من مانی کے لیے استعمال کر رہا ہے۔ ایک طرف ٹرمپ غزہ کے باشندوں کو وہاں سے نکال کر دوسرے ملکوں میں آباد کرنے کی تجویز دے کر غزہ پر امریکی قبضے اور اسے شاندار تجارتی وسیاحتی مرکز بنانے کی تجویز پیش کر چکے ہیں۔ تو دوسری طرف عرب ممالک نے غزہ کی بحالی کے لیے ایک ایسا منصوبہ پیش کیا ہے جس میں غزہ کے باشندوں کو وہاں سے زبردستی نکالنے کا طریقہ مسترد کیا گیا ہے۔ تاہم ان دونوں منصوبوں میں حماس کا کوئی مستقبل نہیں۔ امریکہ اسرائیل کے ساتھ مل کر حماس کو مکمل طور سے تباہ کر دینا چاہتا ہے جبکہ عرب ممالک کے منصوبہ میں حماس کے جنگجوں کو غیر مسلح کر کے اس علاقے میں ماہرین پر مشتمل غیر جانبدار حکومت قائم کی جائے گی۔ البتہ یہ دونوں منصوبے محض کاغذی کارروائی یا بیان بازی کی حد تک سامنے آئے ہیں۔ ان میں غزہ کے شہریوں کو اسرائیل کے قہر سے بچانے اور انہیں زندگی کی امید دلانے کا کوئی طریقہ موجود نہیں۔ آج ہیگ میں انٹرنیشنل کورٹ آف جسٹس کا اجلاس شروع ہوا تو سب سے پہلے فلسطینی سفیر عمار حجازی نے کہا کہ غزہ کے لیے خوراک کی فراہمی بند کر کے اسرائیل خوراک و پانی کو جنگی ہتھیار کے طور پر استعمال کر رہا ہے۔ انتہائی جذباتی انداز میں عدالت کے ججوں کو مخاطب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ غزہ کے فلسطینیوں کی نسل کشی کے منصوبے پر عمل کیا جا رہا ہے۔ اسرائیلی اقدامات سے فلسطینیوں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچ رہا ہے۔ اقوام متحدہ میں فلسطین کے سفیر ریاض منصور نے عدالت کو بتایا کہ اسرائیل ایسے حالات پیدا کر رہا ہے جن میں ان لوگوں کے لیے زندہ رہنے کا کوئی امکان نہیں ہوگا۔ ہیگ سے ہزاروں میل دور دوحہ میں ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے قطر کے وزیراعظم نے بھی ایسے ہی خیالات کا اظ

روزنامہ قوت
بانی ایڈیٹر میاں محمد یاسین لاہور
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی
ورثہ



ملتان کی پہچان

کاشی گری کا فن

یہ بحث آج بھی جاری ہے کہ اس فن کی ابتدا چین سے ہوئی یا ایران سے؟

ڈاکٹر سید محمد عظیم شاہ بخاری

بہت پہلے فارسی کے ایک شعر میں ملتان کو گرد، گداگر اور گورستان کا شہر کہا گیا تھا۔ لیکن اس ملتان اور آج کے ملتان میں بہت فرق ہے۔

آج کا ملتان پنجاب کا چوتھا بڑا شہر ہے جو دنیا بھر میں کئی حوالوں سے مشہور ہے۔ جن میں ملتان کی سرزمین پر آرام فرما ہے اولیاء و صوفیا، ملتانی سوہن حلوہ، آم کے باغات، ملتانی کاشی گری اور ظروف سازی کا فن، چمڑے کے دیدہ زیب کھسے، کھنگر دار، اوٹ کی کھال سے بنے لیمپ شیڈ، کرمچ دانی ضرور کرتے اور دوپٹے، ملتانی کھیس، ریشمی ٹکیاں، مچھیے، تیل دھنیاں، کاشی کی اینٹیں اور نیلی اجرک وغیرہ شامل ہیں۔ لیکن یہاں ملتان کی جس صنعت کا ذکر کروں گا وہ خالص ملتانی ہے اور یہیں سے پورے ملک میں پھیلی ہے، یہ صنعت ہے کاشی گری یا ظروف سازی (ٹیلہ بازی) کی۔

پہلے کی ایجاد کے بعد فن ظروف سازی نے ایک نئی کروٹ لی اور تقریباً تین ہزار سال قبل مسیح میں سفال گروں نے اس پہیے کو ایک نئی شکل میں ڈھال کر مٹی کو اس پر نچانے کی ابتدا کر دی۔ کمہار کے ہاتھوں نے اس پہیے پر ہاتھ دوڑانا شروع کیا اور چھال یعنی پوٹر وہیل دیکھتے ہی دیکھتے کمہار کی آنکھ کا تارہ بن گیا۔ وقت کے ساتھ اس میں کئی تبدیلیاں کی گئیں جب کہ پہیے کی ایجاد سے پہلے یہ تمام کام انسانی ہاتھ سے کیے جاتے تھے جو گھنٹوں وقت لیتے تھے۔ انسانی تاریخ میں صدیوں پہلے سے مٹی کو حسن پرستی، جمالیاتی ذوق اور کاری گری کے اظہار کے طور پر استعمال کیا جاتا رہا ہے۔ پھر چاہے وہ مجسمہ سازی کا فن ہو، تعمیری شاہکار ہوں یا فن بت سازی، مٹی کب سے مختلف اشکال میں انسانی ذوق کی تسکین کا باعث بنتی آرہی ہے۔ موئنجوڈرو، بابل اور ہڑپہ کی قدیم تہذیبیں بھی مٹی کو برتن بنانے کے لیے استعمال کرتی رہی ہیں۔ چناں چہ اگر مٹی سے ظروف بنانے کے فن کو قدیم ترین فنون میں سے ایک کہا جائے تو یہ مبالغہ نہ ہوگا۔

آج بھی ظروف سازی کسی نہ کسی صورت میں ہر ملک اور ثقافت کا حصہ ہے لیکن ماضی میں پختہ قوم اس ضمن میں سب سے پہلے منظر عام پر آئی۔ جنہوں نے پورسلین اور ظروف کے روغن دریافت کیے اور اس سے برتن بنانے شروع کر دیے لیکن ان کے برتن نیلے رنگ کے بغیر بہت پھیکے لگتے تھے۔ پھر ایرانی سلطنت میں کوبالٹ آکسائیڈ کی دریافت نے تہلکہ مچا دیا۔ اس کو مٹی کے برتنوں پر روغن کے طور پہ ملا جاتا تھا جو بھٹی سے نکلنے کے بعد خوبصورت اور پختہ ہوئے نیلے رنگ میں بدل جاتا تھا۔

1301 میں ایران کے معمل قاسم کاسانی نے برتنوں پر نقش نگاری اور رنگوں سے متعلق ایک کتاب لکھی۔ چینی قوم کی بھی قیمت پر ایرانیوں سے رنگوں کا یہ فن سیکھنا چاہتی تھی۔ ایرانی حکمران شاہ عباس نے تین سو چینی کاری گروں کو ایران بلوایا جہاں آکر انہیں یہ معلوم ہوا کہ ایران کی مٹی پورسلین بنانے کے لیے بالکل بھی موزوں نہیں۔ وہ مایوس ہو کر واپس چین چلے گئے۔

نیلا رنگ ہی کیوں؟ خطہ ملتان میں نیلے رنگ



کے فروغ کے حوالہ سے ایک بات یہ بھی کی جاتی ہے کہ یہ رنگ انتہائی نظر آنے والا آفاقیت کی ایک علامت ہے جس سے روح وچشم کو سکون ملتا ہے۔ ملتان اور سندھ کی تہذیب و تاریخ میں نیلے رنگ کی بہت زیادہ اہمیت ہے، اجرک جو سندھ اور ملتان کا تہذیبی پہناوا ہے، کی رنگائی بھی نیل سے ہی کی جاتی تھی، ملتان میں سرخ چاندنے کی ایک مخصوص چادر کو نیلا کیا جاتا رہا ہے اور یہاں سے سندھ کا پرانا نام بھی نیلاب ہے۔

اس حلقے میں پڑنے والی شدید گرمی نے بھی نیلے رنگ کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا کیوں کہ نیلا رنگ آنکھوں کو ٹھنڈک دیتا ہے۔ سو نیلا رنگ اب ملتان اور تمام جنوبی پنجاب کی پہچان بن چکا ہے۔

آج وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ یہ فن ہوئے لیکن اپنے ایرانی ہم عصروں کے ساتھ مل کر انہوں نے نیلے رنگ کے برتن دریافت کر لیے۔

ان برتنوں کو ملہار پاڑی نام انگریزوں کا دیا ہوا تھا جب کہ ایران میں یہ سیکیلے کے نام سے جانے جاتے تھے جس کا مطلب پتھر سے بنے ہوئے کے ہیں۔ پھر یہ فن افغانستان سے ہوتا ہوا صفید وارد ہوا جہاں ملتان شہر اس کا گڑھ بنا اور ملتان سے یہ لاہور، دہلی اور آگرہ تک جا پہنچا۔

فن ظروف سازی پر ایرانی، چینی اور مغلول اقوام کا اثر بہت زیادہ ہے اور یہی وجہ ہے کہ کاشی کے فنی کی ابتدا مغربی چین کے شہر کاشغر سے ہوئی تھی، جو بعد میں ایرانیوں نے اپنایا اور آج بھی آپ کو ایران میں جگہ جگہ مختلف مزارات اور عوامی جگہوں پر نیلا نائل ورک نظر آئے گا۔

ملتان میں عمارتوں اور برتنوں پر نیلے رنگ کی نقاشی کی روایت بھی قدیم عہد سے چلی آرہی ہے، اس فن کیلئے نیلے رنگ کا ایک خاص روغن تیار کیا جاتا ہے۔ کاشی گری کے فن میں دوسرے رنگوں کا استعمال بہت ہی کم ہوا ہے اور غالباً کامیاب نہیں ہو سکا۔ کاشی گری اصل میں مٹی اور دھاتوں کے ایک خاص مرتب سے بنائے گئے برتنوں پر نیلگوں نقش ونگار بنانے کا نام ہے جسے پرنیلگوں نقش و نگار بنانے کا فن کہتے ہیں۔

نیلا رنگ ہی کیوں؟ خطہ ملتان میں نیلے رنگ

کے فروغ کے حوالہ سے ایک بات یہ بھی کی جاتی ہے کہ یہ رنگ انتہائی نظر آنے والا آفاقیت کی ایک علامت ہے جس سے روح وچشم کو سکون ملتا ہے۔ ملتان اور سندھ کی تہذیب و تاریخ میں نیلے رنگ کی بہت زیادہ اہمیت ہے، اجرک جو سندھ اور ملتان کا تہذیبی پہناوا ہے، کی رنگائی بھی نیل سے ہی کی جاتی تھی، ملتان میں سرخ چاندنے کی ایک مخصوص چادر کو نیلا کیا جاتا رہا ہے اور یہاں سے سندھ کا پرانا نام بھی نیلاب ہے۔

اس حلقے میں پڑنے والی شدید گرمی نے بھی نیلے رنگ کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا کیوں کہ نیلا رنگ آنکھوں کو ٹھنڈک دیتا ہے۔ سو نیلا رنگ اب ملتان اور تمام جنوبی پنجاب کی پہچان بن چکا ہے۔

آج وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ یہ فن ملتان، فارس اور ترکی کے ساتھ ہمارے پرانے اور اٹوٹ رشتوں کی بیتی جاگتی مثال ہے۔ ایک زمانہ تھا جب رنگوں کی خاص ترتیب اور بناوٹ کی وجہ سے ملتانی ہنرمند ایک عرصے تک اس فن کو ایک راز کے طور پر نسل در نسل منتقل کرتے رہے، لیکن آج یہ ہنر جگہ پھیل چکا ہے۔ ایران کی طرح ملتان کی بھی کئی معروف عمارتیں کاشی گری کا شاہکار ہیں جن میں بزرگانِ دین کی درگاہیں، مساجد، بہاء الدین یونیورسٹی کا شعبہ سراکیکی اور امرا کے بنگلے شامل ہیں۔ پاکستان میں اس وقت ظروف سازی کے تین بڑے مراکز ہیں۔ ملتان، گجرات اور لاہور میں شاہدرہ۔ لیکن بہ صغیر میں جو شہرت ملتان کی کاشی گری کو نصیب ہوئی ہے وہ کسی اور کا مقدر نہیں بن سکی۔

1853 میں قلعہ کہنہ قاسم باغ کی کھدائی کے دوران سر الیگزینڈر کننگھم کو 900 میں بنائی گئیں ملتانی کی روغنی ٹائلیں ملیں۔ کہا جاتا ہے کہ یہ ٹائلیں محمد بن قاسم کی ملتان آمد کے بعد بنائی گئی مسجد میں استعمال کی گئی تھیں۔

آج ملتان سمیت سندھ بلوچستان کے مختلف علاقوں میں یہ نیلا رنگ نائل اور پتھر کی صورت میں تعمیر ملتا ہے جن میں اوچ شریف کے مقبرے، نواب آف بہاولپور کی آبائی قبرستان، درگاہ چنل سرمست، مزار شاہ عبداللطیف بھٹائی، سندھ میں تالپروں کے مقبرے، لاہور میں جہانگیر، بوبی جہ چوک نون، دربار بابا فرید الدین پاکستان، اور مختلف امرا کی حویلیاں اور بنگلے شامل ہیں۔

قطر کی مشہور لال اور نیلی مسجدوں میں بھی ملتانی کاشی کاری کی گئی ہے، جب کہ ملتان کی اس صنعت کو وزیر اعظم ہاؤس، ایوان صدر، بیرون ملک پاکستان کے سفارت خانوں، پاکستان کی مشہور چیار و پنج ستارہ ہوٹلوں اور برٹش میوزیم لندن میں بھی نمائش کے لیے رکھا گیا ہے۔

اب آتے ہیں اس کی تیاری کے مراحل پر۔

مٹی کی تیاری

ظروف سازی کے لیے بنیادی عنصر مٹی ہے جو اکثر دریاؤں اور بڑی نہروں کے کٹاؤ سے حاصل کی جاتی تھی لیکن دریاؤں کی آلودگی کی وجہ سے ملتانی مٹی زیادہ استعمال کی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ مانسہرہ، گجرات، تھرپارکر اور پشاور کی خاص مٹی بھی استعمال کی جاتی ہے۔ اس مٹی کو عام مال جیسے کاغ کے ٹکڑوں اور کوئلہ میں ملا کر اچھی طرح پیس لیا جاتا ہے یہاں تک کہ یہ پاؤڈر کی شکل میں آجاتی ہے۔ اس کے بعد اس میں پانی ڈال کر کچھ دنوں کے لیے چھوڑ دیا جاتا ہے۔ پانی جذب ہو جانے کے بعد اس کو آٹے کی طرح اچھی طرح گوندھا جاتا ہے۔

گوندھی ہوئی مٹی کو پھر پلا نژاف یعنی کے مختلف سانچوں میں ڈالا جاتا ہے۔ یہ سانچے مختلف ڈیزائنز اور مختلف سائز کے ہوتے ہیں جنہیں اگر احتیاط سے استعمال کیا جائے تو یہ لیے عرصے تک چلتے ہیں۔ بڑے حجم کے برتنوں کو تین چار سانچوں میں ڈھال کر جوڑ دیا جاتا ہے۔ ہر نئے حجم کی وجہ سے اس مٹی کو پھاک (برتن بنانے والا پہیہ) پر ڈھالنا مشکل ہے جبھی یہ پہیہ ملتانی برتنوں میں بہت کم استعمال کیا جاتا ہے۔

مناسب مقدار میں گندھی ہوئی مٹی کو سانچے میں ڈال کر برابر کر دیا جاتا ہے۔ سانچے کو اچھی طرح ہلا کر نکالنے ہوئی مٹی برابر کی جاتی ہے اور جب یہ ترتیب سے بیٹھ جاتی ہے تو سانچے میں ہاتھ ڈال کر اسے احتیاط سے دبایا جاتا ہے تاکہ مٹی سانچے کی شکل میں بیٹھ جائے۔ اس کے بعد باہر نکلی ہوئی مٹی کو چھری سے کاٹ کر سانچے کو کچھ دیر رکھ دیا جاتا ہے۔ اسے کھولنے کے بعد حاصل ہونے والے پراڈکٹ کو راکھ سمیت ایک دو دن سوکھنے کے لیے رکھ دیا جاتا ہے۔

سوکھنے کے بعد اس پراڈکٹ سے راکھ کو اچھی طرح جھاڑ لیا جاتا ہے۔ برتن پر جبی یہ برتن ہم تک مختلف مراحل طے کر کے پہنچتے ہیں جن کی تفصیل ذیل میں دی جارہی ہے

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

سڑکوں پر سفر کو محفوظ بنانے کے لئے عوام الناس کا تعاون درکار ہے: سی ٹی او عائشہ بٹ

سی ٹی او گوجرانوالہ عائشہ بٹ کا عوامی سہولیات کی جانب ایک اور اہم اقدام: گوجرانوالہ شہر میں رہبر سنٹرز کا قیام



گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) سی ٹی او گوجرانوالہ عائشہ بٹ کی ہدایات پر گوجرانوالہ میں رہبر سنٹرز قائم کر دیئے گئے ہیں۔ رہبر سنٹرز دور حاضر کے جدید تقاضوں کے مطابق سمارٹ آفس کے تصور پر مبنی ایک پہل ہے، جس کا مقصد بہتر عوامی سہولت فراہم کرنا ہے۔ اس منصوبے کے تحت مرکزی جی ٹی روڈ کے ساتھ چھ اہم مقامات پر سمارٹ دفاتر قائم کیے گئے ہیں۔ یہ دفاتر موثر خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے وائرلیس ٹریفک مینجمنٹ سسٹم سے لیس ہیں۔ ابتدائی مرحلے میں تین دفاتر واقع سیالکوٹ روڈ دھنگیر چوک، چن دا قلعہ اور جناح انٹرچینج کامیابی سے مکمل ہو چکے ہیں اور مکمل طور پر کام کر رہے ہیں۔ ان تمام دفاتر میں لرنر پرمٹ کا اجراء، بین الاقوامی ڈرائیونگ لائسنس کا اجراء، ڈپلیکیٹ ڈرائیونگ لائسنس کا اجراء اور موٹر سائیکل لائسنس کے اجراء کی سہولیات دستیاب کر دی گئی ہیں۔ مزید برآں، شہری ان دفاتر میں ٹریفک مسائل سے متعلق شکایات درج کروا سکتے ہیں۔ یہ مراکز معلوماتی مرکز کے طور پر بھی کام کریں گے جہاں شہری مختلف سرکاری محکموں اور سڑکوں سے متعلق پوچھ گچھ کے بارے میں تفصیلات حاصل کر سکتے ہیں۔ سی ٹی او گوجرانوالہ عائشہ بٹ کا کہنا تھا کہ سٹی ٹریفک پولیس گوجرانوالہ اپنے تمام تر دستیاب وسائل میں عوام الناس کو سہولت فراہم کرنے میں کوشاں ہے۔ سٹی ٹریفک پولیس گوجرانوالہ دور حاضر کے تمام عصری تقاضوں کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے شہریوں کو ہر ممکن سہولت فراہم کر رہی ہے۔ مزید برآں سی ٹی او گوجرانوالہ عائشہ بٹ کا کہنا تھا کہ سڑکوں پر سفر کو محفوظ بنانے کے لئے عوام الناس کا تعاون درکار ہے۔

پنجاب میں گھریلو ملازمین کو سوشل سکیورٹی کارڈ جاری کیے جائیں

مزدوروں کے عالمی دن کے موقع پر پریلی کے شرکا کا کم از کم اجرت 37000 روپے کے نفاذ کا مطالبہ



فیصل آباد (ملک بشیر احمد) صوبہ پنجاب میں 9 لاکھ 12 ہزار کے قریب گھریلو ملازمین کام کر رہے ہیں جن میں اکثریت خواتین کی ہے۔ لیکن ان کی محنت کا کافی حد تک استحصال کیا جاتا ہے۔ 15 سال سے کم عمر بچے اور بچیاں گھریلو مزدوری میں شامل ہیں۔ جو جدید غلامی کی شکل ہے۔ پنجاب ڈومیسٹک ورکرز ایکٹ 2019 پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے۔ کم از کم اجرت 37000 روپے کا نفاذ کیا جائے۔ قانون کے مطابق رولز آف بزنس کو جلد از جلد فریم کر کے عمل درآمد کیا جائے۔ گھریلو ملازمین کی PESSI کے ساتھ رجسٹریشن کی جائے اور سوشل سیکورٹی کارڈ جاری کیے جائیں۔ ورنہ موجودہ لیبر قوانین کے نفاذ اور پالیسی اقدامات کے بغیر، گھریلو ملازم خواتین آجروں کے ہاتھوں استحصال اور بدسلوکی کا شکار رہیں گی۔ ان خیالات کا اظہار وائز کے زیر اجتماع لیبر ڈے 2025 کے سلسلے میں آمن گھر فیصل آباد میں منعقدہ یوم مئی سیمینار کے مقررین نے کیا۔ اس تقریب میں بڑی تعداد میں خواتین گھریلو ملازمین نے شرکت کی، جس کے بعد ویمن ڈومیسٹک ورکرز نے ایک عوامی ریلی نکالی گئی۔ ریلی کے شرکا نے نعرے بازی کی اور بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر گھریلو ملازمین کے حق میں مطالبات درج تھے۔

مصطفی آباد: محمد عمران سلفی کے نانا حبیب اللہ کی وفات پر تعزیتی اجلاس

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) محمد عمران سلفی کے نانا حبیب اللہ کی وفات پر تعزیتی اجلاس، پریس کلب مصطفی آباد کا تعزیتی اجلاس صدر محمد عمران سلفی کی زیر صدارت منعقد ہوا، مرحوم کے لئے مغفرت کی خصوصی دعا، تفصیلات کے مطابق پریس کلب مصطفی آباد/للیانی (رجسٹرڈ) کا تعزیتی اجلاس صدر پریس کلب محمد عمران سلفی کی زیر صدارت منعقد ہوا، اجلاس میں صدر پریس کلب مصطفی آباد للیانی رجسٹرڈ محمد عمران سلفی کے نانا حبیب اللہ کی وفات پر جرنل سیکرٹری سہیل قمر سندھو، سرپرست اعلی ڈاکٹر اصغر علی شہزاد، چیئرمین عمر حیات میو، چیئرمین سپریم کونسل ملک محمد اقبال، سینئر نائب صدر مہر علی مہران، محمد اکمل کھوکھر صدر یونین آف جرنلسٹ، مہر عبدالقیوم چیئرمین یونین آف جرنلسٹ، سیٹھ محمد حسین الیکٹرونک میڈیا ایسوسی ایشن، زرار علی خاں، ارشد علی شامی، شاہد عمر، محمد طاہر میو، محمد جمیل سندھو، مہر مراد علی ایڈووکیٹ، ناصر سندھو، الیاس ملک، چوہدری اشتیاق، جمشید رشید میو، محمد جمیل رحمانی، ارشد علی جوئیہ، حافظ محمد طاہر اقبال، حاجی عبدالقادر، عمر شاہین، مہر صداقت علی، عادل نعمان مہر، مہر عدنان، ملک عاقب محمد اسماعیل، عزیر اکبر و دیگر صحافیوں کی بڑی تعداد نے گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے لئے مغفرت اور لواحقین کے لئے صبر کی دعا کی۔

بنیادی حقوق فراہم کئے بغیر معاشرہ آگے نہیں بڑھ سکتا: ملک عاشق حسین

مزدور ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے جسے نظر انداز کر کے معاشی ترقی کے اہداف حاصل نہیں کئے جا سکتے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) معروف سیاسی سماجی شخصیت وسابق چیئرمین بھلھی ملک عاشق حسین گڈو نے کہا ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں مزدوروں کے مسائل ومشکلات کے حل پر خصوصی توجہ دیں محنت کشوں کو بنیادی حقوق فراہم کئے بغیر معاشرہ آگے نہیں بڑھ سکتا مزدور ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے جسے نظر انداز کر کے معاشی ترقی کے اہداف حاصل نہیں کئے جا سکتے، مزدوروں کا بنیادی سہولیات سے محروم ہونا حکومتی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے صنعتوں کے ساتھ ساتھ زرعی مزدوروں، کسانوں اور خواتین ورکرز کی فلاح و بہبود کیلئے ایک جامع لائحہ عمل کی ضرورت ہے جو فوری مرتب کر کے نافذ کرنے کی ضرورت ہے، تمام مزدوروں کو سوشل سکیورٹی پروگرام کے تحت رجسٹرڈ کیا جائے اور جو صنعتی مالکان اس اقدام کی راہ میں رکاوٹ بنیں ان کا کڑا محاسبہ کیا جائے، اللہ تعالی نے محنت کرنے والے کو اپنا دوست قرار دیا ہے اور ان کی کوششوں کا بروقت معاوضہ دینے پر زور دیا ہے مگر پاکستان میں سب سے زیادہ صنعتی مزدوروں کا استحصال ہو رہا ہے فیکٹری وکارخانہ مالکان مزدوروں کو حکومتی نوٹیفکیشن کے مطابق تنخواہیں اور دیگر سہولیات فراہم کرنے کو تیار نہیں کسی بھی ملک اور معاشرے کی ترقی میں مزدوروں اور محنت کشوں کی شراکت ناگزیر ہوتی ہے مگر پاکستان میں مزدوروں کو مسلسل استحصال کا نشانہ بنایا جا رہا ہے جس کا تدارک یقینی بنانا حکومت کی ذمہ داری ہے لہذا وفاقی اور صوبائی حکومتیں مزدوروں ومحنت کشوں کے حقوق کے تحفظ پر خصوصی توجہ دیں اور انہیں تمام تر بنیادی حقوق فراہم کریں۔

پاور لومز لیبر یونین کے زیر اہتمام پاک فوج زندہ باد ریلی

ریلی کی قیادت محمد یوسف انصاری چیئرمین، مزمل احمد، امجد حسین، جنید عرف طوطی اور محمد اعظم نے کی



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) پاور لومز لیبر یونین کے زیر اہتمام پاک فوج زندہ باد ریلی محلہ میاں داکوٹ سے نکالی گئی جس کی قیادت محمد یوسف انصاری چیئرمین، مزمل احمد، امجد حسین، جنید عرف طوطی اور محمد اعظم نے کی۔ ریلی مختلف شاہراؤں سے ہوتے ہوئے ہسپتال روڈ پر اختتام پزیر ہوئی۔ اس موقع پر شرکاء ریلی نے انڈیا کے خلاف اور پاکستانی آرمی کے حق میں نعرہ بازی کرتے ہوئے کہا کہ ہم مزدور ملک وقوم کی خاطر اپنی جانیں بھی قربان کر دیں گے اور ملک پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے۔

یوم مزدور کے موقع پر ساہیوال آرٹس کونسل کے زیر اہتمام سیمینار کا انعقاد

یہ سیمینار محکمہ اطلاعات وثقافت حکومتِ پنجاب کی ہدایت پر منعقد کیا گیا



ساہیوال (مہر اے ڈی سیم سپرا اے) یوم مزدور کے موقع پر ساہیوال آرٹس کونسل کے زیر اہتمام 'پنجاب کی ترقی میں محنت کشوں کا کردار کے عنوان سے ایک سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ یہ سیمینار محکمہ اطلاعات وثقافت حکومت پنجاب کی ہدایت پر منعقد کیا گیا۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما محمد شاہد ملک تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مزدور طبقہ معاشی ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ کوئی بھی قوم اس وقت تک ترقی نہیں کر سکتی جب تک وہ اپنے محنت کشوں کو عزت اور حقوق نہ دے۔ محمد شاہد ملک نے محنت کشوں کی فلاح و بہبود کے لیے حکومت پنجاب کی جاری کاوشوں کو سراہا، جن میں ان کی زندگی کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے مختلف سماجی اور معاشی اصلاحات کا نفاذ شامل ہے۔ ممبر صوبائی اسمبلی محمد ارشد ملک نے محنت کشوں کی فلاح کے لیے وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کا وژن بیان کرتے ہوئے کہا کہ افواج پاکستان ہر دم چوکس اور دشمن کی جارحیت کا بھرپور جواب دینے کے لیے تیار ہیں۔ پاکستان خطہ میں پر امن ریاست ہے ہم امن چاہتے ہیں لیکن ہمیں بلا وجہ چھیڑا گیا تو افواج پاکستان اپنی سرحدوں کی حفاظت کرنا جانتی ہے میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے مزید کہا کہ الحمدللہ پاکستان کی 24 کروڑ عوام افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ اور افواج پاکستان ہمیشہ کی طرح دشمن کو ناکوں چنے چبوا دیں گے۔

یوم مزدور کے موقع پر اسسٹنٹ کمشنر میاں مراد حسین نیکوکارہ کا وزیر آباد میں ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے آفس کا دورہ

وزیر آباد (تحصیل رپورٹر) یوم مزدور کے موقع پر اسسٹنٹ کمشنر میاں مراد حسین نیکوکارہ کا وزیر آباد میں ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے آفس کا دورہ محنت کشوں کے ساتھ کیک کاٹنے کی تقریب میں شرکت اور کمپنی کی مشینری کا بھی جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر وزیر آباد میاں مراد حسین نیکوکارہ نے وزیر آباد میں ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی ورکشاپ کا دورہ کیا اس موقع پر پروجیکٹ مینیجر شاہد اقبال سینئر ایچ آر ایگزیکٹیوز وزیر آباد ستھرا پنجاب حسنین علی اور مینیجنگ آپریشنز عدیل سیف چٹھہ نے انہیں ورکشاپ کا وزٹ کروایا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے ویسٹ مینجمنٹ کی لیبر کے ساتھ کیک کاٹا اور کہا کہ محنت کش ہمارا فخر ہیں، جن کی دن رات کی محنت سے شہر کی صفائی اور خوبصورتی ممکن ہوتی ہے۔ یوم مزدور ہمیں یہ پیغام دیتا ہے کہ معاشرے کی ترقی میں ہر مزدور کا کردار بنیادی حیثیت رکھتا ہے انہوں نے انتظامیہ کو تلقین کی کہ ان کی مشینری مکمل کنٹینل ہونی چاہیے بعد ازاں ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے آپریشنل آفیسر عدیل سیف چٹھہ نے سخت گرمی میں گھٹہ اور وزیر آباد کی لیبر میں ٹھنڈے جوس اور پانی کی بوتلیں بھی تقسیم کیں۔

ڈاکٹر محمد احتشام جان بٹ کا امتحانی مرکز کا دورہ

حکومت پنجاب نے تعلیمی بورڈز کی طرف سے الاٹ کردہ امتحانی ڈیوٹی لازمی قرار دی ہے

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن گوجرانوالہ کے زیر اہتمام 29 اپریل سے شروع ہونے والے امتحان انٹرمیڈیٹ (فرسٹ ایئر) عملہ سے التماس ہے کہ وہ بورڈ کی طرف سے تفویض کردہ امتحانی ڈیوٹیاں ملک وقوم کی خدمت سمجھ کر مکمل ایمانداری دیانتداری اور جانفشانی سے سر انجام دیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اپنی جگہ کسی



دوسرے کو خود سے ڈیوٹی سونپنے کی ہرگز اجازت نہ ہے۔ امتحانی مراکز پر طلباء وطالبات اور تمام امتحانی عملہ کے موبائل فونز پاس رکھنے اور استعمال کرنے پر سختی سے پابندی عائد ہے۔ ہدایات پر عملدرآمد نہ کرنے اور غفلت برتنے کی صورت میں متعلقین کے خلاف سخت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی کی ہدایت کے مطابق تمام ضلعی انتظامیہ امتحانی مراکز کی نگرانی کر رہی ہے اور بوٹی مافیا کے قلع قمع کے لئے روزانہ کی بنیاد پر چھاپے مار رہی ہے۔

مصطفی آباد: افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کے لئے ریلی اتوار کو صبح دس بجے ہوگی

تمام مکتب فکر کے نمائندہ افراد کو ریلی میں شرکت کی دعوت دی جائے گی

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کے لئے ریلی اتوار کو صبح دس بجے ہوگی، تمام مکتبہ فکر کے نمائندہ افراد کو ریلی میں شرکت کی دعوت دی جائے گی، ہمارا مقصد ریلی میں شرکت کو یقینی بنایا جائے گا، ریلی میں شرکت کے لئے سیاسی، سماجی، مذہبی، تاجر تنظیموں کے نمائندوں صحافیوں، سول سوسائٹی کے ممبران، وکلا سمیت مختلف مکتبہ فکر کے نمائندہ افراد کو شرکت کی دعوت دی جائے گی، ہم تمام محب الوطن پاکستانیوں سے اپیل کرتے ہیں کہ اس ریلی میں شرکت کو یقینی بنا کر ملک دشمن عناصر کو یہ پیغام دیں کہ ہم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑے تھے کھڑے ہیں اور کھڑے رہیں گے دشمن ہماری امن کی خواہش کو کمزوری نہ سمجھے، ہم افواج پاکستان کے ہمراہ دشمن کی اینٹ کا جواب پتھر سے دیں گے، تمام پاکستانی افواج پاکستان کے شانہ بشانہ دفاع ملک کے لئے سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوں گے۔

الحرمین ڈینٹل کیئر کے زیر اہتمام مورخہ 4 مئی بروز اتوار فری ڈینٹل کیمپ لگایا جائے گا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) الحرمین ڈینٹل کیئر کے زیر اہتمام مورخہ 4 مئی بروز اتوار فری ڈینٹل کیمپ لگایا جائے گا جس میں ڈاکٹر منیب اکرم اور ڈاکٹر منیزہ منیب اکرم دن 9 تا 1 بجے دوپہر تک مریضوں کا معائنہ اور مفت ادویات فراہم کریں گی کیمپ کے انتظامات کی نگرانی آل صدیق ویلفیئر فاؤنڈیشن بھلھی کے عہدیداران کریں گے۔



ناکہ زن ڈاکوؤں نے 7 شہریوں سے موبائل فونز اور لاکھوں روپے لوٹ لیے

مزاحمت کرنے پر ایک شخص کو فائرنگ کر کے زخمی کر دیا، متاثرین نے روڈ بلاک کر دی

مصطفی آباد/للیانی (نامہ نگار) ناکہ زن ڈاکوؤں نے 7 شہریوں سے موبائل فونز اور لاکھوں روپے لوٹ لیے جبکہ مزاحمت کرنے پر ایک شخص کو فائرنگ کر کے زخمی کر دیا، متاثرین اور اہل علاقہ کی بہت بڑی تعداد نے مشتعل ہو کر مین فیروز پور روڈ کو دونوں اطراف سے بلاک کر کے پولیس کیخلاف شدید احتجاج کیا، ڈی ایس پی صدر افضل ڈوگر نے موقع پر پہنچ کر مقدمہ درج کرنے اور ملزمان کیخلاف سخت کاروائی کرنے کی یقین دہانی کروائی، جس پر مظاہرین منتشر ہو گئے تفصیل کے مطابق دفتہ روڈ چور موڑ کے قریب 3 ڈاکوؤں نے قینچی سٹاپ، دفتہ اور مصطفی آباد کے رہائشیوں وسیم، رمضان، طیب، علی حسن، شاہد، وارث اور فرحان سے گن پوائنٹ پر 1 لاکھ 94 ہزار نقدی اور 8 موبائل فونز چھین لیے اور مزاحمت کرنے والے شہزاد اشرف کو فائرنگ کر کے زخمی کر دیا، جسے شدید زخمی حالت میں گلوڑہ ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ اوکاڑہ سے مقابلہ کے دوران 02 ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کی ٹیمیں ملزمان اشتہاری کی گرفتاری کے لیے جا رہے تھے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ اوکاڑہ سے مقابلہ کے دوران 02 ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار۔ کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کی ٹیمیں ملزمان اشتہاری کی گرفتاری کے لیے جا رہے تھے۔ 04 خطرناک ڈاکوؤں نے 50 ٹو ایل نزد بائی پاس پر دیکھتے ہی اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی۔ سی سی ڈی ٹیموں نے حفاظت خود اختیاری کے تحت جوابی فائرنگ کی۔ فائرنگ کے نتیجہ میں 01 ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے زخمی جبکہ دوسرا ڈاکو فرار ہونے کی کوشش میں موٹر سائیکل سے گر کر زخمی ہو گیا، 02 ڈاکو فرار۔ گرفتار ڈاکوؤں کی شناخت ندیم عرف دیما اور فرحان مسیح کے ناموں سے ہوئی۔ ملزمان کے قبضہ سے موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد۔ مقامی پولیس اور سی سی ڈی کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی۔ سی سی ڈی اور مقامی پولیس کیجانب سے فرار ڈاکوؤں کی تلاش جاری۔ کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ اوکاڑہ میں پہلا مقدمہ درج ہو گیا۔ سی سی ڈی اوکاڑہ نے پروفیشنل ورکنگ کا آغاز کر دیا ہے۔ سی سی ڈی سماج سے جرائم کا خاتمہ، ایک محفوظ نسل اور پر امن مستقبل کی ضامن ہے۔

نارنگ موڑ کے قریب ٹرک نے موٹر سائیکل سوار دوستوں کو ٹکر مار دی

ٹکر کے نتیجے میں 24 سالہ نوجوان جاں بحق جبکہ 2 افراد زخمی ہو گئے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارنگ موڑ کے قریب ٹرک نے موٹر سائیکل سوار دوستوں کو ٹکر مار دی جس کے نتیجے میں 24 سالہ نوجوان جاں بحق جبکہ 2 افراد زخمی ہو گئے تفصیل کے مطابق لدھیکے کے رہائشی تین دوست زبیر میو عدیل شبیر اور سیف ملک موٹر سائیکل پر سوار ہو کر نارنگ موڑ کی طرف جا رہے تھے روڈ کی خستہ حالی کے باعث ٹرک نے پیچھے سے ٹکر مار دی جس کے نتیجے میں 24 سالہ زبیر موقع پر دم توڑ گیا جبکہ اس کے دوست عدیل اور سیف زخمی ہو گئے ریسکیو 1122 نے زخمیوں کو موقع پر طبی امداد فراہم کر دی جبکہ نارنگ پولیس نے ٹرک کو قبضہ میں لے کر ڈرائیور کو گرفتار کر لیا ہے اور ضروری کاروائی کے بعد نعش ورثاء کے حوالے کر دی ہے جاں بحق ہونے والے زبیر کی نماز جنازہ آبائی گاؤں لدھیکے میں ادا کر دی گئی۔

تیز رفتار ویگن کی ٹکر دو موٹر سائیکل سوار نوجوانوں کو کچل ڈالا

سول ہسپتال وزیر آباد منتقل، ایک نوجوان کی حالت تشویشناک ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال گوجرانوالہ منتقل کر دیا گیا

وزیر آباد (تحصیل رپورٹر) تیز رفتار ویگن کی ٹکر دو موٹر سائیکل سوار نوجوانوں کو کچل ڈالا سول ہسپتال وزیر آباد منتقل، ایک نوجوان کی حالت تشویشناک ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال گوجرانوالہ منتقل کر دیا گیا چار نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے تین گھروں میں داخل ہو کر اہل خانہ کو تشدد کا نشانہ بنایا اور وہاں سے لاکھوں کے زیورات اور نقدی اور دو موٹر سائیکلیں لوٹ کر فرار ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق گذشتہ رات احمد نگر روڈ پر تیز رفتار ویگن کی ٹکر سے دو نوجوان شدید زخمی ہو گئے ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ تیز رفتار ویگن نے دو موٹر سائیکلوں پر سوار نوجوانوں نبیل احمد سکنہ سارو کی چیمہ اور رضوان ظفر سکنہ علی نگر کو روند ڈالا حادثہ میں دونوں نوجوان شدید زخمی ہو گئے دین ڈرائیور موقع سے فرار ہو گیا زخمیوں کو طبی امداد کے لیے سول ہسپتال وزیر آباد منتقل کیا گیا حادثہ میں زخمی 14 سالہ موٹر سائیکل سوار رضوان کی حالت تشویشناک بتائی گئی ہے جسے ابتدائی طبی امداد کے بعد تشویش ناک حالت کے پیش نظر ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال گوجرانوالہ منتقل کر دیا گیا ہے پولیس تھانہ صدر تحقیقات میں مصروف ہے۔

ناکہ زن ڈاکوؤں نے 7 شہریوں سے موبائل فونز اور لاکھوں روپے لوٹ لیے

مزاحمت کرنے پر ایک شخص کو فائرنگ کر کے زخمی کر دیا، متاثرین نے روڈ بلاک کر دی

مصطفی آباد/للیانی (نامہ نگار) ناکہ زن ڈاکوؤں نے 7 شہریوں سے موبائل فونز اور لاکھوں روپے لوٹ لیے جبکہ مزاحمت کرنے پر ایک شخص کو فائرنگ کر کے زخمی کر دیا، متاثرین اور اہل علاقہ کی بہت بڑی تعداد نے مشتعل ہو کر مین فیروز پور روڈ کو دونوں اطراف سے بلاک کر کے پولیس کیخلاف شدید احتجاج کیا، ڈی ایس پی صدر افضل ڈوگر نے موقع پر پہنچ کر مقدمہ درج کرنے اور ملزمان کیخلاف سخت کاروائی کرنے کی یقین دہانی کروائی، جس پر مظاہرین منتشر ہو گئے تفصیل کے مطابق دفتہ روڈ چور موڑ کے قریب 3 ڈاکوؤں نے قینچی سٹاپ، دفتہ اور مصطفی آباد کے رہائشیوں وسیم، رمضان، طیب، علی حسن، شاہد، وارث اور فرحان سے گن پوائنٹ پر 1 لاکھ 94 ہزار نقدی اور 8 موبائل فونز چھین لیے اور مزاحمت کرنے والے شہزاد اشرف کو فائرنگ کر کے زخمی کر دیا، جسے شدید زخمی حالت میں گلوڑہ ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

تھانہ صدر حافظ آباد کی حدود میں ممنا گاؤں/توحید نگر میں ایک ہی رات میں تین گھروں میں ڈکیتی کی واردات

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) تھانہ صدر حافظ آباد کی حدود میں ممنا گاؤں/توحید نگر میں ایک ہی رات میں تین گھروں میں ڈکیتی کی واردات۔ چار نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے تین گھروں میں داخل ہو کر اہل خانہ کو تشدد کا نشانہ بنایا اور وہاں سے لاکھوں کے زیورات اور نقدی اور دو موٹر سائیکلیں لوٹ کر فرار ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق گذشتہ رات چار نامعلوم مسلح ڈاکو ممنا میں پولیس کے روپ میں آئے جنہوں نے تین گھروں میں باری باری داخل ہو کر اہل خانہ کو اسلحہ کے زور پر یرغمال بنا لیا اور مردوں کے ہاتھ پیچھے باندھ دیئے۔ اس دوران ڈاکوؤں نے مرد وخواتین کو شدید تشدد کا نشانہ بھی بنایا اور بعد ازاں وہ مذکورہ گھروں سے لاکھوں روپے کے زیورات، نقدی، دو موٹر سائیکلیں اور دیگر سامان لوٹ کر فرار ہو گئے۔ مذکورہ واردات کے بعد علاقہ میں خوف وہراس کی لہر سرایت کر گئی جبکہ پولیس تاحال ملزمان کا سراغ نہ لگا سکی ہے۔

اظہار تعزیت

وزیر آباد (تحصیل رپورٹر) مسلم لیگ (ن) کے رہنما حسام وقار چیمہ کی سوشل ورکر عابدہ قلیل مغل مسلم ہینڈز والے محمد آصف مغل، محمد زبیر مغل، استاد نوازش علی مغل، وقاص مغل کی رہائشگاہ پر آمد محمد خالد مغل کی وفات پر اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر عمران سنی لمبوہ، عظیم چیمہ، باؤ عدیل احمد، ثناء اللہ و دیگر بھی موجود تھے۔ فاتحہ خوانی کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حسام وقار چیمہ نے مزدوروں کے عالمی دن کے موقع پر کہا کہ یکم مئی محنت قربانی اور وقار کا دن ہے یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ہر ترقی یافتہ قوم کی بنیاد مزدور کے پسینے اور اس کی قربانیوں پر استوار ہوتی ہے۔

شاہراہ فاروق اعظم پر واقع رہائش گاہ میں ڈکیتی کی واردات

دوران ڈکیتی پانچ مسلح ملزمان نے اہل خانہ کو یرغمال بنا کر قیمتی زیورات اور نقدی لوٹ لی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) شاہراہ فاروق اعظم پر واقع رہائش گاہ میں ڈکیتی کی واردات کے دوران پانچ مسلح ملزمان نے اہل خانہ کو یرغمال بنا کر قیمتی زیورات اور نقدی لوٹ لی، جبکہ مزاحمت کرنے پر ملزمان نے ماں اور بیٹی کو فائرنگ کر کے شدید زخمی کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق افسوسناک واقعہ اسحاق خان زرگر کے گھر پیش آیا، جہاں پانچ نامعلوم مسلح افراد نے زبردستی داخل ہو کر اسحٰق خان کو رسیوں سے باندھ کر گھر سے تقریباً پانچ تولے سونا اور دو لاکھ روپے نقدی لوٹ کر فرار ہو گئے۔ مقامی ذرائع کے مطابق جب گھر کی خواتین نے مزاحمت کی کوشش کی تو مسلح ملزمان نے ان پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں ماں رضیہ بی بی اور بیٹی تعظیم شدید زخمی ہو گئیں۔ زخمیوں کو فوری طور پر ٹراما سنٹر منتقل کیا گیا جہاں ان کا علاج جاری ہے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی متعلقہ پولیس کی ٹیم موقع پر پہنچ گئی اور شواہد اکٹھے کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں اور جلد ہی انہیں قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ دوسری جانب علاقہ مکینوں نے اس واقعے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ شہر میں بڑھتے ہوئے جرائم پر قابو پایا جائے اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

ترقی وخوشحالی میں مزدور طبقہ کا کلیدی کردار ہے: عبدالرزاق مغل

محنت کشوں کے لئے علاج معالجہ کی تمام سہولیات مفت فراہم کرنی چاہئیں

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان واپڈہ ہائیڈرو الیکٹرک لیبر یونین کے راہنما اور کینٹ سرکل کے ریجنل سیکرٹری عبدالرزاق مغل نے کہا ہے کہ محنت کشوں کا عالمی دن اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ ملک وقوم کے ترقی وخوشحالی میں مزدور طبقہ کا کلیدی کردار ہے لیکن اسکے باوجود محنت کش طبقہ کو ہر دور میں مراعات اور بنیادی حقوق سے محروم رکھا گیا ہے، جس کی وجہ سے آج ملک کے مزدور کی حالت دن بدن پتلی ہوتی چلی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپنے خون پسینے سے وطن عزیز کی مٹی سے سونا نکالنے والے مزدور کے لئے حکمرانوں کو سوچنا چاہئے اور محنت کشوں کے لئے علاج معالجہ کی تمام سہولیات مفت فراہم کرنی چاہئیں

پاکستان مزدور محاذ چنیوٹ کے زیر اہتمام یکم مئی کے حوالے سے ریلی نکالی گئی

خواتین کو تمام کاروباری اداروں میں ملازمت کوٹے میں عمل درآمد کروایا جائے رکشوں پر بلدیہ کا ٹیکس ختم کیا جائے



